روحانی ماہنامہ
تحفۂ روحانیات

میڈیکل

کتاب الامراض

قاری محمد عباس نقشبندی

یونانی ٹوٹکے

سلسلہ وار

تحریر:-
حکیم غلام قادر قادری
لاہور

سر میں جوئیں پڑ جائیں

لیموں کا پانی اور شکر ملا کر سر دھوئیں ایسا کرنے سے جوئیں ختم ہو جائیں گی۔

برائے درد قولنج

ارنڈ کی لکڑی جلائیں اور بقدر ایک کف دست مرض کو کھلائیں درد ختم۔

پڑیا درد شکم

پیپل کے اڑھائی پتے باریک پیس کر اور گڑ ملا کر مریض کو کھلائیں۔

برائے استحاضہ

پوست انار، سنگجراحت، گیرو، ہموزن لے کر باریک کریں، خوراک تین ماشہ دن میں تین بار ہمراہ شربت بزوری۔

برائے پھوڑے پھنسیاں

کچور میں نمک ملا کر کھلائیں صبح و شام 3 ماشہ ہمراہ پانی۔

برائے زخم کان

آملہ، لکڑ مجیٹھ، مصری، کافور، تیل میں جلا کر زخموں اتولہ اتولہ اتولہ ایک ٹکی ۵ تولہ پر ملیں۔

برائے پھوڑا

گوگل، صابن دیسی، کالی مرچ، ہموزن پیس کر پھایہ بنا کر لگا دیں۔

کمی خون (علامات)

خون کی کمی بوجہ خوراک کی کمی و ناقص خوراک اور غیر صحت بخش یا گندے مقامات پر رہنا۔ لگاتار اخراج خون جسم کے کسی حصہ سے ہو، جلدی اور ریڑھ کی اینما، جلدی موٹی، وجودی اجزاء کا کم ہو جانا، نبض کمزور، کمزوری اور نقاہت دماغی دباؤ کی وجہ سے دماغ میں خون کی کمی ہو جانا۔

(نسخہ) کلکیر یا فاس ۳x

نیٹرم میور ۶x

فیرم فاس ۳x

کالی فا x۳ ہموزن

خوراک

چار چار گرین دن میں چار مرتبہ، بچوں کیلئے نصف خوراک استعمال کروائیں۔

دمہ (علامات)

اعصابی دمہ، دم کا پھول جانا، نبض بے قاعدہ، تشنجی سخت گدگدی دار کھانسی، سینہ کا دمہ، جس کے ساتھ زرد رنگ کی بلغم خارج ہوتی ہو۔ گرمی یا گرم کمرہ میں زیادتی، شام کو مرض کی زیادتی، کھلی اور سرد ہوا میں آرام ہو۔

نسخہ

کالی فاس ۳x

نیٹرم میور ۶x

میگنیشیا فاس ۳x

نیٹرم سلف ۳x ہموزن

خوراک

چار چار گرین دن میں چار مرتبہ، بچوں کے لئے نصف خوراک استعمال کروائیں۔

مرچ کے ٹوٹکے

تحریر:۔ حکیم سریندر رائے (انڈیا)

کوئی چیز ہو اس میں نقائص کے ساتھ اوصاف اور فوائد بھی ہوتے ہیں ایک اچھی مانی جانے والی چیز بھی ناجائز طریقے سے استعمال کی ہوئی نقصان رساں اور بُری مانی جانے والی چیز جائز طریقے سے برتی ہوئی فائدہ بخش ہوتی ہے۔ مرچ بھی اس اصول سے باہر نہیں۔

کوئی روگ اور مرض ہو، اس کا پرہیز بتاتے وقت سُرخ مرچ کا نام سب سے پہلے بولا جاتا ہے مگر باوجود اس قدر بدنام ہونے کے بھی مرچ کھانے کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے۔ اگر کوئی آدمی جو مرچ کھانے کا عادی نہ ہو ان کی طرف چلا جائے تو مرچوں کے مارے ان کی جان پر آبنتی ہے۔ چونکہ اس کی کھپت بڑھ رہی ہے اس کی پیداوار بھی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اب ذرا خدا کی قدرت دیکھے اس قدر بدنام ہونے کے باوجود اس میں گن، اوصاف اور فائدے بھی کتنے ہیں۔

عجیب دوا: ۔ بیج دور کی ہوئی سُرخ مرچ کا سفوف ایک تولہ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۳۰ تولہ دونوں کو ملا کر شیشی میں ڈال کر شیشی کو مضبوطی سے بند کر دیں۔ ہر روز شیشی کو ہلا دیا کریں پندرہ روز کے بعد سپرٹ کو چھان کر رکھ چھوڑیں۔ فضلہ پھینک دیں۔ بس ٹیکھشن سر نامی دوا تیار ہو گئی جس کے اوصاف آگے دیئے جاتے ہیں۔

۱۔ مریض ہیضہ کو دس دس بوند ایک ایک چمچہ پانی میں ملا کر جب تک آرام نہ آئے تب تک آدھ آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔ ۹۹ فیصدی مجرب ہے۔

۲۔ جن لوگوں کو نیند ضرورت سے زیادہ آتی ہو ان کو پانچ پانچ بوند پانی میں ملا کر صبح و شام پلائیں۔

۳۔ بلغمی کھانسی میں مریض کو قدرے گرم پانی میں پانچ پانچ بوند ملا کر دن میں تین بار پلائیں۔ امرت سے کم نہیں۔

۴۔ بدہضمی، کمی بھوک میں پانچ پانچ دونوں وقت کھانا کھانے سے پہلے ایک ایک تولہ پانی میں ملا کر پئیں۔

۵۔ پانچ تولہ گرم پانی میں دس بوند ملا کر پلانے اپھارہ دُور ہو جاتا ہے۔

۶۔ مریض سنپسات کو اگر اونگھ ہو تو گرم پانی کے چمچہ میں تین تین بوند ملا کر دن میں چار دفعہ پلائیں۔

۷۔ مرگی، ہسٹریا اور پاگل پن کے دورے میں اور بے ہوشی میں اس کے چند قطرے ناک میں ٹپکانا فوراً ہوش میں لاتا ہے تیز مگر بے ضرر ہے۔ جب تمام ادویات بیکار ثابت ہوں اس غریب لال مرچ کو بھی مشاہدہ کریں۔

۸۔ دل کی حرکت دھیمی پڑ گئی ہو، نبض کمزور ہو، ہاتھ پاؤں سرد ہو رہے ہوں۔ ایسی حالت میں خواہ ہیضہ کی وجہ سے یا کسی اور مرض کے سبب سے ”ٹیکھشن سار“ پندرہ بوند ڈھائی تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔

اکسیر درد کان: ۔ روغن کنجد یعنی تلوں کا تیل ۳ تولہ کو لوہے کی کڑچھی وغیرہ میں ڈال کر انگاروں پر رکھیں۔ جب تیل پکنے لگ جائے تو اس میں ایک سُرخ مرچ ڈال دیں۔ اور اس کے سیاہی مائل ہو جانے پر چھان کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ بوقت ضرورت روغن مذکور کو گرم کر کے چند قطرے کان میں ڈالیں درد فی الفور بند ہو گا۔

دانت کا درد: ۔ اگر داڑھ میں بہت درد ہو رہا ہوں اور کسی علاج سے بند نہ ہوں تو ایک اچھی پکی ہوئی لال مرچ لے کر اس کے اوپر کا ڈنٹھل اور اندر کے بیج نکال کر باقی رہے ہوئے حصے کو پانی کے ساتھ پیس کر کپڑے میں دبا کر رس نکال لینا چاہیے اس رس کو جس طرف کی داڑھ دکھتی ہوں اس طرف کے کان میں دو تین بوند ٹپکا دینے سے داڑھ کا درد فوراً دور ہو جاتا ہے۔ مرچ کا رس ٹپکانے سے کان میں تھوڑی دیر تک جلن ہوتی ہے۔ اگر یہ جلن پسند نہ ہو تھوڑی سی شکر پانی میں ڈال کر اس کی دو یا تین بوندیں کان میں ٹپکانے سے جلن رفع ہو جائے گی۔

آدھے سر کا درد: ۔ سات عدد سرخ مرچ لے کر ان کو پکتے ہوئے گھی میں ڈال کر جلا لیں۔ پیشانی اور کنپٹیوں پر اس تیل کی مالش کریں۔ نصف سر کے درد کے لئے اکسیر چیز ہے۔ کان میں درد ہو تو اس روغن کا ایک قطرہ ڈالنے سے درد کافور ہو جاتا ہے۔

گولی بخار: ۔ سرخ مرچ اور کونین کو ہم وزن لے کر پانی میں کھرل کریں اور گولیاں بنالیں۔ بخار آنے سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک دو گولی پانی میں کھلائیں۔ امید ہے بخار نہ ہو گا۔ ورنہ دوسری بار بھی اسی طرح دیں۔

دست مروڑ: ۔ لال مرچ، ہینگ، کافور ہم وزن رکھ کر پیس کر ایک رتی گولیاں بنا کر سکھا لیں۔ دست مروڑ کی حالت میں ایک گولی سے تین گولیاں روزانہ کھانے سے شکایت دور ہو جاتی ہے۔

زہریلا ڈنک: ۔ پانی کے ساتھ سرخ مرچ کو پیس کر بچھو کے کاٹے

ہوئے پر لگانے سے زہر دُور ہوجاتا ہے نیز باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے مقوی کرنے سے آرام آجاتا ہے۔

لال مرچ اور ہیضہ: ۔ہیضے کی بیماری میں بھی یہ چیز حیرت انگیز آزمودہ ہے، ہیضے میں اس کو دینے کا طریقہ اس طرح ہے۔
لال مرچ کے بیج نکال کر اس کے چھلکوں کو خوب مہین پیس کر کپڑا چھان کر لینا چاہیے۔اس چورن کو شہد کے ساتھ گھوٹ کر دو دورتی کی گولیاں بنا کر رکھ لینا چاہیے۔ ہیضے کے بیمار کو بغیر کسی بدرقہ کے ایک گولی ویسے ہی نگلی چاہیے۔جس بیمار کا جسم ٹھنڈا پڑ گیا ہو نبض کی حرکت ڈوبتی جا رہی ہو۔ ٹھٹھر چل رہا ہو اس کے جسم میں دس منٹ میں ٹھنڈا پسینہ بند ہو کر گرمی پیدا ہونے لگتی ہے۔اور نبض باقاعدہ چلنے لگتی ہے۔

ہیضہ کا شافی علاج: ۔افیون خالص نصف گرین، مرچ سرخ مرچ بیج ایک گرین، ہینگ دو گرین، لعاب گوند کیکر کی مدد سے ان سب کی گولیاں بنالیں۔ہیضہ کے مریض کو اس وقت تک استعمال کرائیں جب کچھ اسہال ہو چکے ہوں۔تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد دو تین بار ایسی ہی خوراک کھلاتے رہیں لیکن دن بھر میں مریض کو کوئی اور چیز استعمال نہ کرائی جائے۔
یہ نسخہ سو فیصدی مفید اور مجرب کہا جاتا ہے۔ ہیضہ ایک لب مریض کو جو ڈاکٹری علاج سے مایوس ہو چکا تھا اس کی پہلی خوراک نے صحت یاب کر دیا تھا۔ایسے ہی کئی مواقع پیش آئے جن میں تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔

آسان نسخہ: ۔ایک بوتل پانی میں ان بجھا چونا ملا کر خوب ہلا دیں۔اور رکھ دیں۔جب چُونا تہہ نشین ہوجائے تو پانی کو الگ کر کے دوسری بوتل میں ڈال دیں۔ساتھ ہی پانچ تولہ باریک سرخ مرچ ڈال دیں جس میں سے بیج نکال دیئے گئے ہوں۔چوبیس گھنٹے کے بعد کپڑے سے اچھی طرح چھان کر رکھیں۔مریض ہیضہ کو ایک ایک چمچہ یہ دوائی عرق پودینہ میں ملا کر آدھ آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔

مجرّبات مرچ سیاہ

اکسیر مرض پیٹ: ۔سیاہ مرچ ۲۰ تولہ چینی کے برتن میں ڈال کر اس پر نمک لاہوری پانچ تولہ باریک پیس کر ڈال لیں اور اس پر پانچ تولے تیزاب گندھک اور ۲۰ تولہ لیموں کا عرق ڈال کر چینی کے دوسرے پیالے سے ڈھانپ کر رکھ دیں۔جب تمام پانی وغیرہ مرچوں کے اندر ہی جذب ہوجائے اور مرچیں بالکل خشک ہو جائیں تو شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۔کھانا کھانے کے بعد ۵ سے ۷ مرچیں کھایا کریں یہ کھائی ہوئی غذا کو بخوبی ہضم کر دیتی ہے۔اور کھانے میں بے حد لذیز ہوتی ہے **دیگر فوائد**: ۔پیٹ کے درد، سُول، بھوک نہ لگنا وغیرہ شکایتوں میں بے حد مفید چیز ہے۔

دافع بادی: ۔غنچہ گلا آک تازہ دس تولے، نمک سیاہ ۵ تولہ، تینوں اجزاء باریک پیس کر بمقدار جنگلی بیر گولیاں بنالیں۔دوا تیار ہے۔

فوائد: ۔ہر قسم کے قبض، درد باؤ گولہ، باؤ سُول، بد ہضمی اور دیگر امراض پیٹ کے لیے تیر بہدف دوا ہے۔ایک سے چار گولی تک ہمراہ آب تازہ دیں۔جن لوگوں کو قبض اور بادی شکم کی دوامی کی شکایت ہو ان کو کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد کچھ عرصہ تک دینا بہت مفید اور مجرب ہے۔

علاج ہیضہ: ۔کالی مرچ ۲ تولہ، ہینگ ایک تولہ، کافور ایک تولہ، افیون ایک تولہ۔سب کوٹ کر آک کے پھول ۱۵ تولہ میں کھرل کر لیں۔اور گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ہمراہ عرق پودینہ استعمال کریں۔مقدار خوراک ایک یا دو تولہ۔

علاج بذریعہ ہلدی

پیشاب کی زیادتی: ۔اگر کسی شخص کو پیشاب بار بار اور زیادہ مقدار میں آئے نیز پیشاب زیادہ لگے تو حکیم لوگ اس بیماری کو ذیابطیس کہتے ہیں۔اس مرض کو دور کرنے کے لئے یہ دوا ایک خاص الخاص چیز ہے۔

خوراک: ۔ایک خوراک ۶ ماشہ کی پانی سے دیں۔

نوٹ: ۔ذیابطس کے مریض کو چینی سے پرہیز کرنا چاہیے۔یہ اس کیلئے زہر ہے۔

ضعفِ بصارت: نظر کی کمزوری کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ از حد مفید ہے اگر تندرست احباب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے رہیں تو تمام عمر کے لئے نظر ٹھیک رہے گی۔نسخہ مذکور درج ذیل ہے۔
ہلدی سالم ۲ تولہ، شورہ قلمی ۶ تولہ، دونوں کو خوب پیس کر غبار کی مانند بنا لیں۔بس دوا تیار ہے شیشی میں محفوظ کر کے رکھیں۔صبح و شام تین تین سلائی ڈالنا دُھند، غبار، نظر کی کمزوری کے لئے جادو کا سا اثر رکھتا ہے۔آزما کر دیکھئے۔

نظر کی کمزوری کا آسان نسخہ: ہلدی کو خوب اچھی طرح باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔رات کے وقت تین تین سلائی ڈالا کریں۔کمزوری دور ہوگی۔

آنکھ کا زخم: اگر کسی وجہ سے آنکھ کا زخم ہو گیا ہو تو اس کیلئے ہلدی کی گرہ کو پانی کے چند قطرے ڈال کر پتھر پر گھسائیں اور سُرمچوں سے آنکھ میں لگائیں چند بار لگانے سے زخم دور ہو جاتا ہے۔

لاجواب ٹنکچر: ۔ہلدی کو آدھ پاؤ سپرٹ میتھی لیٹڈ میں ملا کر شیشی میں ڈالیں۔اب اس کو مضبوط کارک لگا کر دھوپ میں رکھ دیں۔دن میں دو تین بار زور سے ہلا دیا کریں۔تین دن کے بعد چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔پس ہلدی کا لاجواب ٹنکچر تیار ہے۔

دست شناسی
امراض کی تشخیص

تحریر: ندیم اشرف (سمندری)


ہاتھ پر بڑی لکیروں کی اہمیت اور اس کے ساتھ دوسری لکیروں میں صحت کی لکیر سے بہت سے اہم امراض کے متعلق پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ تو پھر آیئے اب اس لکیر کا مقام وآغاز اور اختتام کے علاوہ اس پر نشانات کے متعلق مشاہدہ پیش کرتا ہوں۔

اس لکیر کے مقام و آغاز اور صحیح نشاندہی کے بارے میں جاننا اور اس کی پہچان کئے بغیر کسی بھی طرح کا مشاہدہ غلط فہمی میں مبتلا کر سکتا ہے۔ اس مقام پر اس کے علاوہ اور بھی خط عطارد کی جانب رواں دواں ہوتے ہیں۔ جن میں عیاشی کی لکیر قوس ایام اور کبھی شمس لکیر سے ایک واضح شاخ عطارد کے ابھار پر پہنچ جاتی ہے علاوہ ازیں قسمت کی لکیر سے بھی کبھی کسی ہاتھ پر ایک سالم اور واضح خط عطارد کے ابھار ہر پہنچ جاتا ہے۔ صحت کی لکیر کا مقام آغاز کلائی کا وہ حصہ ہے جہاں زندگی کی لکیر گھوم کر اختتام پذیر ہوتی ہے۔ یہ لکیر زندگی کی لکیر اور کلائی کی بالائی لکیر کے علاوہ زہرہ کے ابھار سے بھی نمودار ہو کر عطارد کے ابھار پر پہنچتی ہے علاوہ نیچے کہیں بھی اختتام پذیر ہوتی دکھائی دیتی ہے یہ لکیر آغاز اور اختتام کے حوالہ سے اپنے اندر مختلف معنی رکھتی ہے۔

جب صحت کی لکیر کلائی کی لکیر سے جنہیں کلائی کے کنگن بھی کہتے ہیں وہاں سے ذرا اوپر ہتھیلی کا وہ حصہ جہاں سے زندگی کی لکیر کے درمیان بھی واضح فاصلہ ہو اور صحیح وسالم شکست وریخت کے بغیر ہی ہتھیلی کی سطح عبور کرتی ہوئی عطارد کے ابھار پر پہنچ جائے تو ایسا انسان لمبی عمر پاتا ہے۔ اور وہ اپنی پیدائش سے لے کر آخری سانس تک خوشگوار زندگی بسر کرتا ہے۔ اور چھوٹی موٹی بیماریوں کے علاوہ کسی بڑی صحت کی پریشانی کا شکار نہیں ہوتا کیونکہ صحت کا تعلق انسانی زندگی میں بڑا اہم رول ادا کرتا ہے۔

اگر صحت کی لکیر زندگی کی لکیر سے شروع ہو کر عطارد کے ابھار تک چلی جائے تو ایسا انسان صحت کے حوالہ سے اچھی زندگی نہیں گزارتا گرچہ وہ لمبی عمر پاتا ہے لیکن وہ مختلف بیماریوں میں گھرا رہتا ہے اس کے علاوہ بد پرہیزی کی وجہ سے اکثر غشی کے دورے پڑتے ہیں۔

اس کے علاوہ یہ پیروں فقیروں اور تعویز گنڈوں کے چکر میں پڑ جاتے ہیں اور خوب پیسہ ضائع کرتے ہیں۔ لیکن جونہی تھوڑا سا آرام آتا ہے تو پھر بد پرہیزی کی وجہ بن جاتے ہیں۔



اگر صحت کی لکیر زہرہ کے ابھار سے نمودار ہو کر عطارد کے ابھار پر پہنچ جائے تو ایسا انسان ریح بادی جیسے امراض میں مبتلا رہتا ہے جس کی وجہ سے ذرا سی بے احتیاطی ان کے لئے مصیبت کا باعث بن جاتی ہے۔

اس ابھار سے آغاز کی صورت میں یہ لکیر زندگی کی لکیر کو کاٹتی ہے جب بھی کوئی طاقتور لکیر کسی دوسری طاقتور لکیر کو کاٹتی ہے تو اس کا ردعمل بہت زیادہ سامنے آتا ہے اس طور پر انسان راہی ملک عدام ہو جاتا ہے اگر ذرا سی علامات اچھی نہ ہوں۔

(اس بارے میں ایک ضروری نوٹ)

اس لکیر کا ہاتھ پر نہ ہونا بھی اچھی علامات ہے جن ہاتھوں پر صحت کی لکیر موجود نہیں ہوتی وہ صحت کے حوالہ سے اچھی زندگی بسر کرتے ہیں۔ لیکن جن ہاتھوں میں زہرہ کے ابھار سے لکیر نمودار ہوتی ہے وہ لوگ اچھے طریقے سے کھانا نہیں کھاتے جس کی وجہ سے نظام انہضام کا مسئلہ رہتا ہے۔

اگر صحت کی لکیر آغاز سے اختتام تک بال کی برابر باریک اور اوپری اوپری سے دکھائی دے اس صورت میں یہ لکیر ہتھیلی پر بہت کم دباؤ ڈال رہی ہوتی ہے ایسا انسان ہمیشہ چھوٹی موٹی بیماریوں کا شکار رہتا ہے۔

جس کی وجہ سے اس کی طبیعت میں چڑ اچڑا پن آ جاتا ہے کام میں دل نہیں لگتا۔ دراصل وہ نفسیاتی مریض بن جاتا ہے۔

اگر صحت کی لکیر آغاز سے اختتام تک مضبوط دو گہری محسوس ہو جیسے ہتھیلی پر خاصہ دباؤ ڈال رہی ہو تو ایسا انسان صحت کے معاملہ میں بہت اچھی زندگی گزارتا ہے اور طویل عمر پاتا ہے۔ اور ایسا انسان اپنی صحت کی طرف خاص توجہ دیتا ہے۔ اور کھانے پینے میں احتیاط سے کام لیتا ہے۔ بس اس کی

درازعمری کا سبب ہوتا ہے۔

اگر صحت کی لکیر آغاز سے اختتام تک موج دریا کی طرح لہر پذیر نظر آئے تو ایسا انسان جگر کی کمزوری اور معدے کی تکلیف سے نبرد آزمار ہتا ہے اور دوسرے لوگوں سے بات کرنا بھی کم کر دیتا ہے اور یہ لوگ جگر کی بیماری کی وجہ سے زیادہ مرتے ہیں۔

جس کی وجہ سے یہ لوگ کوئی بڑا کام نہیں کرتے۔

اگر صحت کی لکیر دوشاخہ آغاز کے بعد صحیح وسالم عطارد کے ابھار پر پہنچ جائے تو ایسا انسان وہمی طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔اور دوسروں پر معمولی باتوں پر شک کرتا ہے۔

ایسے لوگ ایک انجانے خوف کا شکار رہتے ہیں جس کی وجہ سے دوسرے لوگ بھی ان سے عاجز رہتے ہیں۔اور خود یہ لوگ بھی آرام سے نہیں رہتے۔

صحت کی لکیر سے نکلنے والی شاخیں بھی اپنے اندر اہم معنی رکھتی ہین۔اگر صحت کی لکیر اپنے آغاز سے اختتام تک صحیح وسالم ہو اور اس سے ایک یا دو شاخیں نکل کر صحیح وسالم شمس کے اسجار پر پہنچ جائیں تو ایسا انسان عمر کے جس حصے سے یہ شاخ نمودار ہوتی ہے عمر کے اس حصے میں کاروبار میں تبدیلی سے اچھا رزق کماتا ہے اور ایسا انسان اس حصہ میں اہم کامیابی حاصل کرتا ہے۔

اگر صحت کی لکیر آغاز سے اختتام تک چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم ہو تو ایسا انسان مسلسل ایک جیسی صحت کا مالک نہیں ہوتا۔عمر جس حصہ میں یہ لکیر سالم ہوتی ہے۔اس حصہ میں صحت کا معیار بلند رہتا ہے۔ اس کے برعکس عمر کی کمی اور معدے کی بیماریاں اور دوسرے اعصاب تکلیف میں رہتے ہیں۔صحت کی لکیر کو آغاز سے اختتام تک مختلف جگہ چھوٹے شاخ اور گہرے خطوط قطع کریں تو ایسا انسان عمر کے ہر حصہ میں جس مقام پر یہ خط کاٹتا ہے تو کسی بڑی نہیں چھوٹی بیماری کا ضرور سامنا کرنا پڑتا ہے۔صحت کی خرابی کیوجہ سے وہ اپنے دینوی اور دنیاوی امور خوش اسلوبی سے طے نہیں کر پاتا۔

صحت کی لکیر میں جزیرہ کا نشان آغاز سے اختتام تک جس جگہ بھی پایا جائے نحس علامت ہے۔اور ایسا انسان کسی موذی مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے۔انسان نیند میں ادھر ادھر چلنے لگتا ہے۔اور کسی صورت میں انہیں اپنی اس بیماری کا پتہ نہیں ہوتا جس کی وجہ سے یہ لوگ حادثہ کا شکار ہو جاتے ہیں۔صحت کی لکیر کے درمیان کراس یا چرنی کی علامت بھی مخصوص ہوتی ہے عمر کے جس حصہ میں کراس کا نشان ہو تو ایسا انسان کسی موذی مرض میں مبتلا رہتا ہے۔لیکن زندگی کو موت کا خطرہ نہیں رہتا۔صحت کی لکیر میں مکمل ستارے کا نشان بھی مخصوص علامت ہے اور ایسا انسان اولاد سے متعلق ہمیشہ بیماریوں کا شکار رہتا ہے۔اور حکیموں ڈاکٹروں سے مشورہ میں رہتا ہے۔اگر ستارہ کا نشان کسی عورت کے ہاتھ پر پایا تو رحم میں بیماریوں کی نشاندہی کرتا ہے۔یہ عورت کے دوران عمل بیماریوں کی پتہ دیتا ہے۔اگر صحت کی لکیر دماغ کی لکیر سے ٹکرا کر ختم ہو جائے تو ایسا انسان دماغی بیماری میں مبتلا رہتا ہے جس سے جگر میں اس کی نقص پایا جاتا ہے۔جس سے اس کے دماغ پر اندرونی بخارات شدت سے دباؤ پیدا کر دیتے ہیں۔یہ علامات ڈپریشن کے مریضوں کے ہاتھ پر پائی جاتی ہے۔

اگر صحت کی لکیر دماغ کی لکیر سے ٹکرا کر ختم ہو جائے اور آخر میں ایک واضح اور سالم ستارہ کا نشان پایا جائے تو ایسا انسان اولاد سے محروم رہتا ہے۔اور ایسی علامات والی عورت بانجھ رہتی ہے۔یہ عورت کے پیدائشی بانجھ ہونے کی علامات نہیں ہے۔بلکہ دوران حمل کسی بیماری سے رحم میں تکلیف کا مسئلہ ہو آتا ہے اور حمل ضائع ہو جاتا ہے۔اگر صحت کی لکیر ہتھیلی کے درمیان میں ہی ایک واضح دوشاخہ کی صورت میں اختتام پذیر ہو اس حالت میں یہ لکیر آخر میں دماغی لکیر سے مل کر ایک واضح تکون کی صورت بنا لیتی ہے۔ایسا انسان مردم شناس اور علوم کی جانب مبذول ہوتا ہے۔

لاشعوری طور پر اسے عروج وقار کی تمنا چین سے جینے نہیں دیتی اور غیر شعوری طور پر وہ اس کام میں داغبا ہو جاتا ہے۔اور اس قدر جلدی سے وہ اس مقام کو حاصل کر لیتا ہے جو عام آدمی کے بس کی بات نہیں ہوتی۔جیسے غیر مرئی طاقت نے اسے اس مقام پر لا کھڑا کیا ہو۔

اگر صحت کی لکیر آغاز سے اختتام تک صحیح وسالم ہو مگر جو ہی عطارد کے ابھار پر پہنچے ایک واضح دوشاخہ میں بٹ جائے تو ایسا انسان عمر کے آخری حصہ میں آرام طلب ہو جاتا ہے۔

اور وہ ساری زندگی بڑی محنت ومشقت سے اور تندرستی سے گزارتا ہے۔مگر جونہی عمر آخری حصہ شروع ہوتا ہے۔چھوٹی موٹی بیماریاں اسے گھیر لیتی ہے۔لیکن اس حصہ میں وہ آرام کا عادی ہو جاتا ہے اور کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔اگر صحت کی لکیر چھوٹے چھوٹے جزیروں سے ترتیب پائی ہو اور ایسے محسوس ہو جیسے تسبیح کے دانے ہیں تو ایسا انسان ساری زندگی بیماریوں سے لڑتا رہتا ہے۔

اور اسے بیماریاں اندر اندر کھا جاتی ہے اگر ابتدائی دور میں اس کی طرف توجہ نہ دے تو تپ دق کا مرض لاحق ہو جاتا ہے مگر یہ مرض زیادہ جان لیوا ثابت نہیں ہوتا ایسی صورت میں اسے بہتر علاج معالجہ کروانا چاہیے تاکہ بیماری سے کم سے کم تکلیف اٹھائے۔

ہاتھ کی لکیروں کا نقشہ بنانا ہے:۔

ہینگ کے ٹوٹکے

تحریر:۔ حکیم سریندر رائے (انڈیا)

نزلہ:۔ نزلہ کا گندا مواد حلق میں گرنے سے یا پانی بدل ہونے سے آواز بند ہو جاتی ہے یہ بھی ایک سخت تکلیف ہے مریض بیچارہ کچھ کہنا چاہتا ہے تو بولا نہیں جاتا اشاروں سے بات چیت کرتا ہے۔ ذیل کا نسخہ اس شکایت کو رفع کرنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ ہینگ بقدر ۴ رتی لے کر ایک پاؤ نیم گرم پانی میں حل کر کے اچھی طرح غرغرہ کرائیں ایک دو بار عمل کرنے سے بالکل صحت یاب ہو کر آواز درست ہو جائے گی۔

نیا زکام اور ہینگ:۔ شروع زکام میں ایک تولہ املی کے پتے ۱۵ تولہ پانی کے ساتھ کسی مٹی کے برتن میں پکائیں۔ نصف باقی رہ جائے تو چھان کر اس میں دو رتی ہینگ اور ۴ رتی کالی مرچ پیس کر ملائیں اور پی جائیں۔

پاگل کتے کے کاٹے پر:۔ ۲ ماشہ ہیرا ہینگ کو عرق گلاب میں حل کر کے روز پلائیں۔ نیز ہینگ کو پانی میں پتلا کر کے پاگل کتے کے کاٹے پر لگائیں۔

چیونٹی کو بھگانا:۔ ہینگ کو پیس کر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالنے سے یہ بھاگ جاتی ہیں۔

منجن برائے درد کرم دندان:۔ ہینگ ایک تولہ، عاقر قرحا ایک تولہ، کالی مرچ ایک تولہ، کافور ایک تولہ بابڑنگ ایک تولہ، نیم کے خشک پتے ایک تولہ نمک لاہوری ایک تولہ سب کو پیس کر بطور منجن استعمال کرنے سے دانتوں کے کیڑے مر جاتے ہیں نیز درد دور ہو جاتا ہے۔

پیٹ کے کیڑے مارنے اور نکالنے کیلئے:۔ ہیرا ہینگ گھی میں بھنی ہوئی ۳ ماشہ، اجمود، بائے بڑنگ، سیندھا نمک، جوا کھار، بڑی ہڑر، سونٹھ پیلی۔ سب ڈھائی ماشہ، باریک پیس کر ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک پھنکی لینے سے کھانا ہضم ہوتا ہے اور کیڑے مر کر نکل جاتے ہیں۔

داد:۔ ہینگ کو سرکہ میں پیس کر لیپ کرنا داد کے لئے بہترین دوا ہے۔ سر کے بال جھڑتے ہوں:۔ ہیرا ہینگ کو کالی مرچ اور سرکہ کے ساتھ پیس کر لگانے سے بالوں کا جھڑنا بند ہو جاتا ہے۔

ہسٹریا:۔ ہینگ آٹھ ماشہ، پیپرمنٹ دو ماشہ، باریک پیس کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں ملا کر رکھ لیں۔ ایک ایک تولہ یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔ بادگولہ و ہسٹریا کے لئے بے نظیر چیز ہے۔

درد کان:۔ ہینگ، دھنیا، اور زیتون پیس کر ایک ایک تولہ، پانی ایک سیر، سرسوں نصف پاؤ۔ سب کو ملا کر چولہے پر چڑھا دیں اور نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیں خیال رہے نیچے دھنیا وغیرہ جلنے نہ پائیں جب تمام پانی اڑ جائے تو اتار لیں۔ تیل کو چھان لیں، یہ تیل گھر میں پڑا رہے کسی کے کان میں درد ہو تو فوراً چند بوند ڈال دیں آرام ہو جائے گا۔

درد معدہ:۔ ہیرا ہینگ دو رتی کو منقہ (جس کا بیج نکال دیا گیا ہو) میں رکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلائیں۔ بہت جلد درد دور ہو جائے گا معدہ کا درد بہت شدید ہوتا ہے بعض اوقات شدت درد سے مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اس کیلئے یہ چٹکلہ خاص طور پر مفید ہے۔

سہل جنائی:۔ (وضع حمل بہ آرام):۔ مسور برابر ہینگ، کوڑی برابر قند سیاہ میں لپیٹ کر نگلا دیں۔ پانی نہ پلائیں انشاء اللہ ۳۰ منٹ کے اندر بچہ بہ آسانی تولد ہو گا زچہ کو کسی طرح کی تکلیف نہ ہو گی۔

جوہر یعنی ٹنکچر ہینگ:۔ ہیرا ہینگ چار تولہ، ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۲۰ تولہ، ہینگ کو باریک کر کے سپرٹ میں ڈال دیں۔ اور بوتل کے منہ پر کاک لگا کر پندرہ روز کے لئے بند کر دیں مگر دن میں ایک بار بوتل ضرور ہلا دیا کریں۔ پھر اس کو دوسری بوتل میں چھان کر بھر لیں اس کی خوراک چار رتی سے چار ماشہ تک۔ درد پیٹ، بدہضمی، اپھارہ، کمزوری ہاضمہ میں عرق لیموں اور نمک کے ساتھ ملا کر دینا چاہئے۔ اگر بچہ پیدا ہوتے وقت عورت کو تکلیف ہو تو دس بوند گرم پانی میں ڈال کر پلائیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد کا درد یا گندہ پانی باقی ہو تو پانچ پانچ بوند گرم پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پلائیں۔ عورتوں کے مرض پرسوت میں بھی مذکورہ بالا طریق سے استعمال کرائیں داڑھ یا دانت میں کیڑا لگ گیا ہو تو اس میں روئی بھگو کر لگائیں درد کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

بھڑ، بچھو وغیرہ جانوروں کے کاٹے پر:۔ ایک بوند لگا لیں فوراً آرام ہو گا۔ دانتوں کے درد کے لئے منجن کی طرح انگلی سے لگائیں اور منہ نیچے کر کے رال ٹپکائیں۔ درد رفع ہو گا۔ چوٹ اور بائے کے درد پر لگانے سے درد اور سوجن کو آرام آ جاتا ہے۔

امراض کان:۔ ہینگ کو زیتون کے تیل میں پکا کر شیشی میں بند کریں چند قطرے کان میں ڈالنے سے کان کا درد، گھنگھناہٹ اور بہرا پن دور ہو جاتا ہے۔

علاج بذریعہ ادرک

تحریر:۔ حکیم نریندر رائے (انڈیا)

ادرک عام طور پر دال، ساگ، سبزی اور چٹنی میں استعمال کی جاتی ہے۔ سوکھ جانے پر یہ سونٹھ کہلاتی ہے دوا کے طور پر اس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

کالی کھانسی دمہ: ۔ادرک کا رس ایک چھٹانک، شہد ایک چھٹانک ملا کر ذرا سا گرم کر کے پی لیں۔ سات روز میں آرام ہوگا۔

کمی بھوک: ۔بھوک اچھی طرح نہ لگتی ہو۔ پیٹ میں ریاح بھرے ہوئے ہوں، قبض رہتا ہو۔ تو ادرک کو تراش کر ریزہ کریں۔ اور اوپر سے نمک چھڑک کر ایک دو ماشہ کھائیں۔ بھوک اچھی طرح لگے گی۔ ریاح ختم ہوں گے اور قبض رفع ہو جائے گی۔

چورن ہاضمہ: ۔ہاضمہ کو درست کرتا ہے معدے کو طاقت بخشتا ہے۔ درد شکم اور کھٹے ڈکاروں کو از حد مفید ہے۔ سونٹھ اور اجوائن حسب ضرورت لے کر آبِ ادرک اس قدر ڈالیں کہ ادویات تر ہو جائیں اور سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر قدرے نمک ملا کر محفوظ کر لیں۔ دونوں وقت چار رتی سے ایک ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیا کریں۔ اس چورن کے استعمال سے معدہ کی تمام خرابیاں دور ہو کر صحت کلی حاصل ہوگی۔

درد کان: ۔ادرک کا رس چار ماشہ، شہد دو ماشہ، سیندھا نمک ایک رتی، تل کا تیل دو ماشہ۔
پہلے نمک اور ادرک کا رس ملا لیں۔ پھر سب ملا کر اچھی طرح ہلائیں۔ تھوڑا گرم کر کے ساتھ آٹھ بوند کان میں ڈالیں۔ کان کا درد بند ہو جائے گا۔

انفلوئنزا: ۔سفوف سونٹھ ایک چھٹانک، سفوف پپلی نصف چھٹانک، سفوف کاکڑہ سنگی ۳ چھٹانک، انفلوئنزا کی کھانسی کو روکنے کے لئے ایک سے ڈیڑھ ماشہ یہ سفوف شہد کے ساتھ تین بار چٹائیں۔

قے: ۔ادرک اور پیاز کا رس ملا کر پینے سے قے بند ہو جاتی ہے۔

آواز بیٹھ جانے پر: ۔ادرک کا رس اور شہد ملا کر چاٹنا چاہیے۔

نزلہ وزکام: ۔ادرک کو چھیل کر اس کو باریک باریک تراش لیں ۔اور کڑاہی میں گھی ڈال کر اس میں بھونیں، اس کے بعد ادرک کے برابر وزن کھنڈ کی چاشنی میں ملائیں اور پکائیں جب قوام درست ہو جائے تو سونٹھ زیرہ سیاہ، مرچ سیاہ، ناگ کیسر، جاوتری، الائچی خورد، تج، پترج، پیپل، دھنیا، زیرہ سیاہ، پیپلا مول یا بڑنگ ہر ایک ادرک کا بارہواں حصہ لے کر کوٹ چھان کر ملائیں اور محفوظ کر رکھیں۔
مقدار خوراک:۔ ٦ ماشے سے ایک تولہ تک ہے۔
فوائد:۔ زکام و نزلہ میں مفید ہے۔ سردی کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے تو اس کو کھولتا ہے۔ دم پھولنے کی شکایت اس سے دور ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ پیٹ کا درد اور ریاحی کی شکایت جاتی رہتی ہے۔

درد ریحی: ۔سونٹھ ڈھائی تولے نیم کوٹ کر کے تین پاؤ پانی میں آدھے گھنٹے تک پکائیں اس کے بعد چھان لیں اور آدھی آدھی چھٹانک یہ جوشاندہ تین تین گھنٹے کے وقفہ سے ۴ مرتبہ پلائیں درد ریحی کا یہ خاص علاج ہے۔

سنگرہنی، پیچش، بدھضمی: ۔سفوف سونٹھ ایک چھٹانک، سفوف ہڑ ایک چھٹانک، کھانڈ پسی ہوئی ایک چھٹانک۔ بد ہضمی کے دست، سنگرہنی، پیچش اور معدہ کی کمزوری میں ایک ماشہ تک دن میں دو بار دیں۔

علاج بذریعہ الائچی

الائچی دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک چھوٹی اور دوسری بڑی۔
چھوٹی الائچی کی تاثیر معتدل ہوتی ہے۔ (یعنی نہ گرم نہ سرد) دماغ، دل اور معدہ کو تقویت دینے والی ہے جی متلانا، قے، دمہ، کھانسی ہچکی، کف، قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے پیشاب کی جلن کو دور کرتی ہے اور پیشاب کو کھولتی ہے۔ یعنی کمی کو دور کرتی ہے۔ معدہ کے بیکار رس کو خشک کرتی ہے۔ دل خوش ہو اٹھتا ہے۔ پھیپھڑوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ پتھری کی شکایت دور کرنے کی استطاعت رکھتی ہے۔ پان کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔
بڑی الائچی کی تاثیر گرم اور کچھ قبض کرنے والی ہوتی ہے۔ چستی عطا کرتی ہے۔ چھوٹی الائچی کے اوصاف کے برابر ہے۔ گرم مصالحہ میں ڈالی جاتی ہے۔ دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

زیادتی پیاس: ۔اگر کسی کو پیاس زیادہ لگتی ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ پر عمل کریں جو کافی فائدہ مند ہے۔
چار سیر پانی میں دو تولے چھلکے ابال کر جب پانی دو سیر رہ جائے ٹھنڈا کرنے کے بعد استعمال کریں آزمودہ نسخہ ہے۔

مجرب اعمال

تحریر
ایم اے عزیز
(ڈیرہ اسماعیل خان)

قارئین کرام! تحفہ روحانیات میں نیک دعاؤں کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔ میں ماہر روحانیات محترم جناب محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنا پیرو مرشد مانتا ہوں، ان کے ساتھ میرا روحانی اور قلبی رشتہ ہے۔ میں اس وقت حیرت زدہ ہوا جب ماہر روحانیات محترم جناب محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے مجھے بتایا کہ اللہ کے حکم سے میرے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔ اس کے علاوہ اور بھی دن، رات کبھی کبھار حیرت زدہ واقعات پیش آتے رہتے ہیں۔ قارئین کرام آپ کو آئندہ بھی اپنے ساتھ ہونیوالے واقعات بیان کروں گا۔ اب آتے ہیں اپنے منتخب وظائف کی جانب۔

جھگڑا ختم کرنے کے لئے

دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ختم کرنے کیلئے یا گھریلو کوئی پریشانی ہو، اس میں یہ عمل نہایت آزمودہ ہے، فائدہ اٹھائیں ایک کمرے میں کعبہ رخ کھڑے ہو کر پہلے آگے پھر پیچھے پھر دائیں پھر بائیں پھر اوپر اور پھر نیچے اسی کونے میں کھڑے ہو کر ایک ایک دفعہ اذان دینی ہے، پھر کرشمہ دیکھیں۔

ملازمت حاصل کرنے کا عمل:

بعد از نماز عشاء باوضو گیارہ بار درود شریف ابراہیمی (نماز والا درود شریف) اول و آخر پڑھیں، اس کے بعد حسبنا اللہ ونعم الوکیل 575 بار پڑھے اور پھر باعزت ملازمت کی دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ بہترین جگہ ملازمت مل جائے گی۔

گوہانجنی کا عجیب و غریب ٹوٹکہ

لونگ پیس کر پانی کے ذریعے پھر دانے پر لگاؤ، دو تین بار لگانے سے گوہانجنی کا نام و نشان نہ رہے گا۔ اگر لونگ آنکھوں کے اندر چلا جائے تو آنکھیں جلتی ہیں لیکن پھر خود بخود ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

کان، ناک اور گلے کا آزمودہ نسخہ:

سرسوں کا تیل 50 گرام شیشے کی بوتل میں ڈال دیں، اس میں ایک ٹکی کافور کی ڈال کر تین گھنٹے کیلئے دھوپ میں رکھ دیں، دوائی تیار ہے، اس دوائی کے ایک، دو دو قطرے دن میں ایک مرتبہ، اگر کان میں تکلیف ہے تو کان میں ڈالیں اور اگر گلے کا مسئلہ ہے کبھی خراش، کبھی سوزش، کبھی ورم، کھانسی آتی ہو، گلہ بیٹھتا ہو تو سوتے وقت ایک ایک قطرے دونوں نتھنوں میں اور ایک ایک کان میں ڈالیں، مسلسل چند ہفتے یہ عمل کرنے سے گلا اور اس کی خراش ختم ہو جاتی ہے۔

اگر ناک کی ہڈی بڑھ جائے، الرجی، چھینکوں کا طوفان، ناک بہتا ہو، فلو، نزلہ، زکام یا ناک کی کوئی اور تکلیف ہو تو سوتے وقت یہ قطرے ناک اور کان میں ڈالیں، مرض زیادہ ہو تو دن میں 3 سے 4 بار ایک ایک قطرہ ناک میں ڈال کر اوپر کھینچیں، آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

درد شقیقہ:

یہ درد سر میں ایک جانب نصف حصہ میں ہوتا ہے۔ اکثر طلوع آفتاب سے شروع ہوتا ہے اور غروب آفتاب کے بعد درد میں کمی ہونے لگتی ہے۔ درد اس قدر شدید ہوتا ہے کہ مریض کو کسی پہلو چین نہیں ملتا۔ درد کی ٹیسیں سینے تک جاتی ہیں، مریض کو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے اس کے سر میں ہتھوڑے مارے جا رہے ہوں، اس بیماری کا شافی علاج درج ذیل ہے:

ایک بوند شہد لے کر سر درد والے حصہ کے مخالف نتھنے میں ڈال دیں، فوراً آرام ہوگا، یہ ایک معجزے سے کم نہیں۔

جسم کی خارش:

ایک تولہ املی اور ایک چمچ گلقند رات کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر رکھ دیں، صبح اس کو پانی میں حل کر چھان لیں، پھر نہار منہ پی لیں، انشاء اللہ خارش ختم ہو جائے گی۔

اکسیر دماغ:

بادام 7 عدد (گری)، سبز الائچی 4 عدد، چھوہارہ ایک عدد، دکنی مرچ 7 عدد، مصری 5 تولہ، گائے کے دودھ کا مکھن 5 تولہ۔ رات کو بھگو کر رکھ دیں صبح مکھن کے ساتھ 90 دن تک استعمال کریں۔

اللہ پر بھروسہ: جو شخص اللہ پر توکل کرے گا اللہ رب العزت اس کی مہمات کیلئے کافی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے کام کو جس طرح چاہے پورا کر کے رہتا ہے۔ اس نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کر دیا ہے۔ اسی کے مطابق سب کام ہوتے ہیں۔

یونانی ٹوٹکے
علاج بذریعہ لہسن

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

علاج بذریعہ ہینگ

درد کان:۔ ہنگ، دھنیا، اور زیتون کو پیس کر ایک ایک تولہ، پانی ایک سیر، سرسوں نصف پاؤ، سب کو ملا کر چولہے پر چڑھا دیں۔ اور نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیں۔ خیال رہے کہ دھنیا وغیرہ نیچے جلنے نہ پائیں جب تمام پانی اڑ جائے تو اتار لیں تیل کو چھان لیں، یہ تیل گھر میں تیار پڑا رہے کسی کے کان میں درد ہو تو فوراً چند بوندیں ڈالیں۔ آرام ہو جائے گا۔

کانوں کے اندر بھنبھناہٹ کی آواز سنائی دیتی ہو کانوں میں باجے بجتے معلوم ہوتے ہوں۔ اس کے لئے ذیل کا نسخہ مجرب ہے۔

قلمی شورہ نصف ماشہ باریک پیس کر شہد ۶ ماشہ کے ساتھ ملائیں اور تھوڑے سے گرم پانی میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔ کان میں بجنے کی شکایت دور ہوتی ہے۔ شہد خالص، گلیسرین، روغن بادام ہر ایک ایک تولہ، عرق شفا ایک ماشہ ملا کر ایک ذات کریں اور بوقت ضرورت نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں اس سے قرحہ صاف ہو جاتا ہے۔ رفتہ رفتہ پیپ نکلنا بند ہو جاتی ہے اور چندروزہ استعمال سے قرحہ اچھا ہو جاتا ہے۔ عرق شفا جو اس نسخہ میں شامل کیا جاتا ہے اس کی ترکیب حسب ذیل ہے۔ کافور، ست پودینہ، ست اجوائن، کاربالک ایسڈ، منسل ہر ایک تولہ سب کو ملا کر شیشی میں ڈالیں اور رکھ دیں۔ تیل ہو جائے گا۔

درد معدہ

ہیرا ہینگ دورتی کو منقہ (جس کے بیج نکال دیا گیا ہو) رکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلائیں۔ بہت جلد معدہ کا درد دور ہو جائے گا۔ معدہ کا درد بہت مفید ہوتا ہے بعض اوقات مریض شدت درد سے بے ہوش ہو جاتا ہے اس کے لئے یہ چٹکلہ خاص طور پر مفید ہے۔

امراض آنکھ

ہینگ اصلی خالص باریک پیس کر شہد میں ملا دیں۔ اور سلائی سے صبح وشام آنکھ میں لگاتے رہیں اس کے استعمال سے ابتدائے موتیا بند میں مفید ہوتا ہے نیز شبکوری کو دفع کرتا ہے۔

پیاز کا پانی اور شہد ہر ایک ایک ماشہ، کافور بھیم سینی ۴ رتی ملا کر کسی شیشی میں سنبھال رکھیں اور سلائی سے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ یہ نہ صرف موتیا بند کی ابتداء میں مفید ہے بلکہ بسا اوقات اترا ہوا پانی بھی صاف ہو جاتا ہے سوتے وقت شہد خالص کی تین تین سلائیاں ڈالا کریں چند روز کے بعد شب کوری کی شکایت دور ہو جائے گی۔

سینہ اور پھیپھڑوں کی بیماریاں

شہد پھیپھڑوں کو تقویت دیتا ہے کھانسی اور نزلہ کی بہترین دوا ہے۔ حلق کی خشکی اور تنفس کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ چھوٹے بچوں کے سینے میں جب خرخر کی آواز آتی ہے وہ بلغم کو خارج نہیں کر پاتے اگر شیر خوار بچہ کو متواتر استعمال کروایا جائے تو اس سے بچہ طاقت ور اور موٹا ہو جاتا ہے۔

کاکڑا اور سنگی سرخ رنگ ایک تولہ، اصل السوس مقشر ۳ ماشہ، موبز منقی گیارہ گیارہ دانے سب ادویہ پیس کر ملائیں اور شہد میں چٹنی بنائیں۔

امراض حلق

مرچ سیاہ، ہینگ، رائی، زعفران، ہم وزن باریک پیس کر اور برابر شہد ملا کر منہ میں رکھیں اور اس کا لعاب چوستے رہیں۔ اگر آواز بیٹھ گئی ہو تو آواز کھل جاتی ہے۔ دن میں تین مرتبہ ایک بڑا چمچہ شہد کا چاٹ لیا کریں۔ گلے کی سوزش، ورم اور آواز کا بیٹھ جانے کے لئے بے حد مفید ہے۔ گرم گرم دودھ میں تھوڑا سا شہد اور تھوڑی سی گلیسرین ملا کر گرم گرم چائے کی طرح پئیں گلے کی سوزش میں بے حد مفید ہے۔

ترکیب:۔ بچے کو نصف ماشہ سے ایک دو ماشہ تک کھلائیں۔ اگر بچہ شیر خوار ہو تو اس کی ماں کو بھی چٹائیں۔

تریاق سل

ہد خالص تین تولہ، طباشیر سولہ تولہ، دارچینی، الائچی خورد، تیز پات، ہر ایک نو ماشہ، خوب باریک پیس کر شہد میں ملا کر حفاظت سے رکھیں۔ تین ماشہ سے ایک تولہ تک، شدید حالتوں میں دو تولہ تک بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ دودھ کے ساتھ صبح کے وقت سل کے لئے ویدک کا مفید الاثر نسخہ ہے۔

آسان نسخے

تحریر
محمد افلاطون
(چشتیاں)

سفوف ٹھنڈک: مندرجہ بالا شربت کے ساتھ یہ سفوف گرمی کی شدت، جگر و معدہ اور ہر قسم کی گرمی کیلئے قارئین "تحفہ روحانیات" کیلئے ایک تحفہ ہے جو مجھے حکیم حافظ غلام رسول کھیر والا لڈن ضلع وہاڑی سے ملا ہے۔ قارئین (حکیم صاحب میرے ماموں ہیں، اس لئے بلا مشقت یہ نسخہ حاصل کیا) یہ قیمتی نسخہ ہے اور برسوں سے لوگوں کو استعمال کروا رہا ہوں۔

سمندری سوکھ، بیج بند، الائچی، خورد طباشیر نقرہ تمام اشیاء ہم وزن لیں، پہلے والی دو چیزیں صاف کرلیں تاکہ مٹی پتھر شامل نہ ہوں، پھر کوٹ کر باریک سفوف بنالیں صبح نہار منہ اور شام کو ایک چمچ شربت کے ساتھ کسی بھی شربت یا پانی میں چینی گھول کر تین وقت استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سفوف معدہ، جگر کو طاقت دیتا ہے، چہرے کی رنگت نکھارتا ہے اور ہر قسم کی گرمی کے لئے مفید ہے۔

بازاری کشتہ فولاد: ہیرا کسیس اور میٹھا سوڈا دونوں ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔ علیحدہ علیحدہ برتن میں ڈال دیں، دونوں کو پانی میں ڈال کر خوب اچھی طرح ہلاتے رہیں اور مٹی کے کھلے برتن میں دونوں برابر ڈالتے رہیں اور برابر ہلاتے رہیں جب دونوں چیزیں ایک برتن میں ڈالیں گے تو ان میں خوب جنگ ہوگی اور پانی کی رنگت مٹی کی مانند تبدیل ہو جائے گی۔ دونوں برتن والے پانی کو ہلاتے رہیں اور مٹی کے برتن میں دونوں برابر مقدار میں ڈالتے رہیں، مٹی والے برتن میں جو مرکب ہوگا اس کو اس وقت تک ہلاتے رہیں جب تک اس میں شور و غل کی آواز آتی رہے۔ جب آواز آنا بند ہو جائے تو تھوڑی دیر کے لئے ہلانا بند کر دیں اور اوپر والا پانی نتھار کر گرا دیں اور اس میں تازہ پانی ڈال دیں پانچ یا سات مرتبہ پانی تبدیل کریں جو مرکب تہہ میں نیچے بیٹھا ہے۔ اس کو دھوپ میں خشک کرلیں۔ سرخ رنگ کا ایک سفوف برآمد ہوگا۔ (نوٹ: دونوں چیزیں تھوڑی تھوڑی مقدار میں لے کر تجربہ کریں اور ہلانے کیلئے لکڑی یا چمچہ استعمال کریں۔ آخر میں انار کا پانی لے کر مٹی کے برتن میں آگ دیں یا دھوپ میں خشک کریں، بازاری کشتہ تیار ہے۔ ایک رتی مکھن کے ساتھ استعمال کریں۔

گل رس ہیئر آئل: بالوں کو لمبا اور چمکدار بنانے والا لاجواب تیل، یہ تیل قیام پاکستان سے پہلے کا مشہور ہے اور قاسمی دواخانہ ہارون آباد کا مشہور تیل "گل رس ہیئر آئل" کے نام جانا جاتا ہے۔ یہ تیل بالوں کو گرنے سے روکتا ہے ان میں قدرتی چمک پیدا ہوتی ہے۔ خالص سرسوں کا تیل ایک سیر، خشک آملہ ایک چھٹانک، بلیلہ (بہڑہ) 2 عدد، چھوٹی ہرڑ چار عدد، بڑی ہرڑ 2 عدد، رتن جوت 2 تولہ، بال چھڑ ایک تولہ، چھڑ چھڑیلہ ایک تولہ، ناگر موتھا ایک تولہ، برادہ صندل ایک تولہ، طباشیر آدھا تولہ لونگ 11 عدد، الائچی خورد چار عدد، الائچی کلاں چار عدد، مہندی کے پتے 2 تولہ، بیری کے پتے 2 تولہ، کچور ایک تولہ، لسوڑے 4 عدد، کوٹنے والی اشیاء کو کوٹ کر تمام اجزاء کو 2 سیر پانی میں ڈال کر 24 گھنٹے تک بھگو کر رکھیں۔ پھر آگ پر پکائیں جب ایک سیر باقی رہ جائے تو چھان کر تیل ملا کر پکائے۔ جب تمام پانی خشک ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر لیں۔

سانپ کے کاٹے کا علاج:

سانپ جس جگہ کاٹے اس سے دو انچ (تقریباً چار انگل) اوپر کسی رسی یا ڈوری وغیرہ سے فوراً کس کر بند لگائیں اور پھر اس بند سے چار پانچ انچ اوپر ایک یا دو بند اور لگائیں ان بندوں کے لگانے سے خون کی رگوں پر دباؤ پڑے گا اور زہر چڑھنے سے رک جائے گا۔ (واضح رہے کہ جو بند باندھا جائے وہ آدھ گھنٹے سے زیادہ نہ بندھا رہے، ورنہ عضو کے مردہ ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ جراح سے قبل تیز دھار کو آگ پر خوب سرخ گرم کرلیں۔

جب بند لگا چکیں تو کاٹی ہوئی جگہ (جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو) کسی تیز چاقو، استرے یا بلیڈ سے چیر دیں اور اس میں ایک چٹکی پرمینگنیٹ آف پوٹاش بھر دیں اور اس کو انگلی یا چاقو کی نوک سے مل کر اوپر پٹی باندھ دیں لیکن اگر پرمینگنیٹ آف پوٹاش موجود نہ ہو تو اس زخم میں گرم پانی کی دھار ڈالیں یا اس جگہ سینگھی لگوا کر خون نکلوا دیں۔ خون کے ساتھ زہر بھی نکل جائے گا۔

اگر وقت پر ان میں سے کسی چیز کا انتظام نہ ہو سکے تو کاٹی ہوئی جگہ کو دہکتے ہوئے کوئلے سے داغ دیں یا لوہے کی سلاخ وغیرہ کو آگ میں تپا کر اس سے داغ دیں۔ اس کے لگانے سے بھی تمام زہر نکل جائے گا۔

علاج بذریعہ گاجر

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

کمزوری دماغ کا علاج:۔ اگر صبح کے وقت سات عدد مغز بادام کھا کر اوپر سے گاجروں کا پانی ۱۰ تولہ، دودھ گائے نصف سیر میں ملا کر نوش کریں تو اس سے دماغ کو تقویت ہوتی ہے۔

دردشقیقہ:۔ اگر گاجروں کے پتے گرم کر کے ان کا رس نکالیں اور اس کے چند قطرے ناک اور کان میں ڈالیں تو اس سے چھینکیں آکر درد شقیقہ دفع ہو جاتا ہے۔

بلغمی کھانسی:۔ اگر گاجروں کو نچوڑے ہوئے پانی میں مصری ملا کر پکائیں اور بطور چٹنی بنا کر اس میں اس قدر مرچ سیاہ کا سفوف ملائیں تو اس کے کھانے سے بلغمی کھانسی کو فائدہ ہوگا بلغم بہ آسانی نکلنا شروع ہو جائے گا

پتھری کیلئے:۔ تخم گاجر، تخم شلغم ہم وزن لیں اور مولی کے اندر کھوکھلا کر کے اس میں بھر دیں پھر مولی کا منہ بند کر کے بھوبھل میں پکائیں جب بھرتہ ہو جائے تو بیجوں کو نکال کر خشک کر کے محفوظ رکھ لیں۔

فوائد:۔ یہ بیج بندشدہ پیشاب کو کھولتے ہیں پتھری کو گلا کر نکال دیتے ہیں۔

خوراک:۔ چھ ماشہ سے نو ماشہ تک نوش فرمائیں۔

حیض کشاء:۔ تخم گاجر ایک تولہ کوٹ کر پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے شکر سرخ ۳ تولہ ملا کر ایام حیض میں عورت کو استعمال کروائیں۔

فوائد:۔ اس سے حیض کھل کر آتا ہے اور تمام تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔

قوت باہ کیلئے:۔ عمدہ گاجریں لے کر اوپر سے چھیل لیں اور اندر سے گٹھلی نکال دیں پھر انہیں کدوکش کر لیں۔ یہ کدوکش گاجریں ایک کلو لے کر گائے کے ایک لیٹر دودھ میں پکائیں۔ جب اچھی طرح گل جائے اور دودھ خشک ہو جائے اتار کر رکھ دیں، کڑاہی میں گھی ڈیڑھ پاؤ ڈال کر گرم آگ پر پکائیں اور گاجروں کا مادہ اس میں بریاں کریں۔ یہاں تک کہ اچھی طرح سرخ ہو جائے اس میں آدھ کلو مصری ڈال کر اچھی طرح حل کریں اور ذیل کی ادویہ شامل کریں۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز پستہ ۵ تولہ، مغز اخروٹ ۲ تولے مغز چلغوزے ۲ تولہ، مغز ناریل ۵ تولہ، مغز پستہ ۲ تولہ، مغز خرفہ ۲ تولہ حلوہ تیار ہے۔

فوائد:۔ منی کو زیادہ کرتا ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے خوراک ۵ تولہ سے ۷ تولہ تک ورق چاندی لپیٹ کر صبح کو کھائیں۔

کمزور بچوں کیلئے:۔ جن بچوں کی کمزوری کا سبب معلوم نہ ہو سکے تو گاجر کا رس ۴ ماشہ سے ایک تولہ تک، برابر گرم پانی ملا کر دن میں تین مرتبہ پلائیں ساتھ ہی اس کی ماں بھی گاجریں کھائے یا گاجر کا جوس پیئے اس عمل سے تھوڑے سے عرصے میں ماں اور بچے کی صحت نمایاں طور پر ترقی کرے گی۔ گاجر کا رس جن بچوں کو بلغمی شکایت کے بھی پلایا کرے ان کی صحت دوسرے بچوں کی نسبت زیادہ اچھی ہوگی۔

پیٹ کے کیڑے:۔ آدھ کلو گاجروں کا رس روزانہ پینے سے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ یہی فائدہ صبح خالی پیٹ گاجریں لینے سے حاصل ہوتا ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ گاجریں ان کو ہضم نہ ہوگی تو وہ رس پی لیا کریں۔

امراض قلب:۔ چند گاجروں کو بھون کر ان کے اوپر کا چھلکا اور اندر کی گٹھلی نکال ڈالیں اور رات کو چینی کی پلیٹ میں رکھ کر شبنم میں رکھ دیں صبح اس میں گلاب اور مصری ملا کر کھائیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ درج بالا تمام نسخہ جات مجرب ہیں۔ آئندہ مزید نسخہ کے ساتھ حاضر ہوں گا۔

گم شدہ چیز مل جائے

اگر کوئی چیز کھو جائے اور کسی طرح نہ ملے تو "**بسم اللہ انا للہ وانا الیہ راجعون**" پڑھ لیں گم شدہ چیز فوراً مل جائے گی۔ اس کے علاوہ درود شریف کا کثرت سے ورد کرنے سے بھی گمشدہ اشیاء مل جاتی ہیں

قید سے رہائی

اگر کوئی شخص ناحق قید میں ہو اور وہ سورۃ طور باقاعدگی سے پڑھے تو جلد رہائی نصیب ہوگی۔ اور اگر سورہ مزمل کا اکتالیس روز ورد اکتالیس یوم کیا جائے تو بھی قید سے رہائی ہو جاتی ہے۔

یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

ہائی بلڈ پریشر

املی کا گودہ لیں۔ اس میں ہرا دھنیا30 گرام، پودینہ 50 گرام، زیرہ سفید 25 گرام، کلونجی 5 گرام، ہری مرچ ایک عدد، لہسن کے جوئے 30 ملی گرام ملا کر اور شکر 30 گرام ڈال کر گرائینڈر میں پیس کر چٹنی بنالیں ۔کھانے کے دوران استعمال کریں۔ہائی بلڈ پریشر سے نجات حاصل ہوگی۔

بھوک کی کمی:۔ املی کا گودا250 گرام، اس میں نمک 15 گرام، دانہ الائچی کلاں 6 گرام، دار چینی 3 گرام، کالی مرچ6 گرام، پودینہ 3 گرام ڈال کر گرائینڈر کے ذریعے چٹنی بنالیں ہر کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

یرقان:۔ یرقان میں تسکین حرارت اور جوش صفرا کو کم کرنے کیلئے استعمال کریں ،املی کا گودا 2 تولہ، عناب 5 عدد، تخم کاسنی 5 گرام، کالی مرچ 6 گرام، گل نیلوفر5 گرام جوش دیکر خمیرہ بنفشہ 2 تولہ ملا کر استعمال کریں۔

لُو کی گرمی کیلئے

لُو کے مرض میں فوری آرام کیلئے عناب 5 عدد، تخم خربوزہ، تخم کاسنی ہر ایک 6 گرام پانی ایک کلو میں جوش دے کر املی 50 گرام ملا کر دن بھر اس کا نتھرا ہوا پانی گلقند میں ملا کر پیتے رہیں۔

پتی اچھلنا (الرجی) املی 2 تولہ، سناء 6 گرام، ترنجبین 24 گرام ملا کر استعمال کریں اور پھٹکری، گیرو برابر باریک کر کے عرق گلاب ملا کر تمام جسم پر لگائیں۔

قبض:۔ املی قبض میں فائدہ مند ہیں۔املی، گل سرخ، سناء، سونف ہر ایک 6 گرام کا جوشاندہ بھی قبض ختم کرنے میں مدد دیتا ہے۔جبکہ مربہ املی کا بچوں کے قبض میں استعمال نہایت مفید ہے۔

یرقان کی دوا:۔ مولی کے سبز پتوں اور شاخوں کا پانی ١٠ تولے شکر٢ تولہ ملا کر صبح کے وقت نوش فرمائیں ہر قسم کے یرقان (پیلیا) کے لئے نہایت مفید ہے۔

داد کی دوا:۔ مولی کے بیج ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ کوگل عمدہ ایک تولہ، توتیا سبز (نیلا تھوتھا) ٦ ماشہ سب ادویہ کو باریک کر کے مولی کے پانی ١٠ تولہ میں کھرل کریں اور گولیاں بنائیں ایک گولی کو مولی کے پانی میں گھس کر مقام داد پر لگائیں چند دنوں میں داد کو ختم کر دے گا۔

ورم طحال:۔ ورم طحال کے لئے مولی کا اچار جس میں سرکہ انگوری خالص اور نمک ڈالا گیا ہو بہت ہی فائدہ مند ہے دو تین ہفتہ کا استعمال اس کو جڑ سے ختم دور کر سکتا ہے۔

بواسیر:۔ مولی کے پتے سایہ میں خشک کرلیں پھر کوٹ چھان کر ہم وزن کھانڈ ملالیں سفوف چھ ماشہ بلاناغہ ٤٠ یوم کھائیں بواسیر کا اکسیری علاج ہے۔

بندش پیشاب

عمدہ مولیوں کو لے کر اوپر سے چھلکا دور کریں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں ان پر نمک اور مرچ سیاہ کے سفوف چھڑک کر برتن میں ڈالیں اور برتن کا منہ بند کر کے چند روز دھوپ میں رکھیں ہر روز ہلاتے رہیں عمدہ اچار تیار ہے۔بڑھی ہوئی تلی اور پیشاب کی بندش کے لئے مفید ہے۔

زہریلا ڈنک

باؤلے کتے کے کاٹنے پر مولی کے پتے گرم کرے فوراً زخم کے مقام پر لگائیں زہر باطل ہوجاتا ہے بشرطیکہ زہر ابھی سارے بدن میں نہ پھیلا ہو۔بچھو جسمانی طور پر کمزور ہے اتنا ہی تکلیف پہنچانے اتنا ہی موذی ہے اسکو گھنٹوں تڑپاتا بلکہ بعض بچھو کے کاٹنے سے جسم درد کی شدت سے اکڑ جاتا ہے مولی اس کی دشمن ہے اگر بچھو پر مولی کا چھلکا یا مولی کا پانی ٹپکایا جائے تو وہ فوراً مر جاتا ہے اگر کاٹی ہوئی جگہ سے نیش نکال دیا جائے اس جگہ مولی کو ٹپکا دیا جائے تو وہ فوراً مر جاتا ہے تو درد اور سوزش میں سکون رہتا ہے۔

ورم حلق:۔ گلے کے ورم کو دور کرنے کے لئے مولی کا پانی ایک پاؤ صاف پانی ایک پاؤ، مناسب نمک خوردنی ملا کر غرغرہ کریں حلق کے ورم کے لئے سود مند ہے۔

نقش و عمل ایلرجی

صدری مجرب

از تحریر:۔ علامہ مفتی طالب حسین کرمانی (چک مغل)

قارئین کرام! اس کے بیشمار فوائد ہیں مگر میں اس کے چند فوائد آپ کی خدمت اقدس میں پیش کر رہا ہوں امید ہے کو ضرورت مند دوست اس سے ضرور مستفید ہونگے۔

(1) بعض اوقات جس کے اندر کسی خاص دوائی دھواں، گرد، خوشبو یا خوراک کے کسی جزو کیلئے غیر معمولی حساسیت پیدا ہو جاتی ہے اس غیر معمولی حساسیت کو ایلرجی کہتے ہیں جب مریض ایسی چیز جس کیلئے اسے ایلرجی یعنی غیر معمولی حساسیت ہو کھائے یا سونگھے یا جسم کو لگائے اس کے جسم میں ایک غیر معمولی ردعمل پیدا ہوتا ہے اس غیر معمولی ردعمل کو ایلر جک ری ایکشن کہتے ہیں اس ردعمل میں مندرجہ ذیل علامات دیکھی جا سکتی ہیں

(1) سانس گھٹتا ہے (2) دھپر پڑ جاتے ہیں (3) چھینکیں آتی ہیں (4) آنکھوں سے اور ناک سے پانی چلنے لگتا ہے (5) سانس گھٹتا ہے (6) کھانسی آتی ہے (7) سانس رکتا ہے (8) دل گھٹتا ہے (9) بلڈ پریشر یک لخت گر جاتا ہے (10) نبض تیز ہو جاتی ہے (11) اگر ردعمل تیز اور شدید ہو تو سانس رک جانے اور بلڈ پریشر گر جانے سے بیہوش ہو کر موت واقع ہو سکتی ہے ایلر جک ری ایکشن تقریباً ہر قسم کی چیز سے ہو سکتا ہے اور کئی قسم کی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہے عموماً ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص عرصہ تک بے خوف و خطر کوئی دوا عرصہ سے استعمال کر رہا ہوتا ہے کہ اچانک کسی دن یک لخت ایلرجی اور اس کا ردعمل ظاہر ہو جاتا ہے پہلا ردعمل عام طور پر اتنا شدید نہیں ہوتا لیکن اگر دوبارہ وہی ایلرجی پیدا کرنے والی دوائی یا خوراک استعمال کی جائے تو ایلر جک ردعمل زیادہ شدید ہوتا ہے اور آئندہ یہ موقع پر شدید تر ہوتا جاتا ہے اس لئے ایسی دوائی یا خوراک یا خوشبو کو بند کر دینا چاہئے اور بھول کر بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے بعض اوقات کسی خاص خضاب سے ایلرجی ہو جاتی ہے۔ اور جب وہی خضاب دوبارہ استعمال کیا جائے تو سارا سر پھول جاتا ہے پانی بہنے لگتا ہے خارش ہوتی ہے اور ایکزیما ہو جاتا ہے ٹیکوں کا ایلر جک ری ایکشن عموماً بہت شدید ہوتا ہے اور بعض اوقات علاج کی مہلت بھی نہیں ملتی اور مریض کے عموماً فوراً بیہوش ہو جانے سے موت واقع ہو سکتی ہے اس لئے ٹیکہ لگاتے وقت ایلر جک ری ایکشن کے علاج کے لئے مناسب ادویات پاس ہی موجود رہنی چاہئیں۔

علاج

(i) ایڈرینالین انجکشن فوری طور پر 1/4 سی سی کا ٹیکہ لگا کر ٹیکے کے مقام کو ملیں تاکہ دوائی جلد جذب ہو اگر مریض بیہوش ہو گیا ہو تو مصنوعی سانس دلانے کے لئے سینے کو بار بار دبائیں اور دوران خون کو تیز کرنے کیلئے جسم کو اور ٹانگوں کو ملیں دل کی حرکت شروع کرنے کیلئے پیٹ کو زور سے دبائیں ناک میں امیونیم کاربونیٹ سونگھائیں اگر اثر ظاہر نہ ہو تو 1/4 سی سی ایڈرینالین کا ٹیکہ پھر پانچ منٹ کے وقفے پر لگائیں ایسی حالت میں ایڈرینالین کی زیادتی کا کوئی خطرہ نہیں ہوتا بلکہ مریض کی جان بچ جاتی ہے۔

(ii) اے ویل انجکشن 50 ملی گرام ایڈرینالین کے ساتھ ہی یہ ٹیکہ بھی لگائیں علامتیں برقرار رہیں تو پھر لگا دیں۔

(iii) بیٹنی سول انجکشن اگر ری ایکشن سخت ہو تو یہ ٹیکہ بھی لگا دیں اسے بھی دہرایا جا سکتا ہے۔

(iv) کوراہن انجکشن (نکیتھے مائیڈ) کولیپس روکنے کیلئے یہ ٹیکہ بھی حسب ضرورت لگائیں۔

(v) جب مریض ہوش میں آجائے تو پھر ٹی مولینٹ پکچر ایک خوراک پلائیں اور پری ٹن کی گولی ہر تین گھنٹے بعد کھانے کو دیں سب سے ضروری دوائی اس علاج میں ایڈرینالین کا انجکشن ہوتی ہے جس کو بس منٹ بعد 1/4 سی سی مقدار میں لگائیں اگر شدید ردعمل میں شروع ہیں فوری طور پر ایڈرینالین کا ٹیکہ نہ لگایا جا سکے تو پھر مریض کی جان بچانی انتہائی مشکل ہو جاتی ہے۔

نقش و عمل

ایلرجی والے کو یہ عمل ایک سو ایک بار روزانہ سات مساجد کے پانیوں پر پڑھ کر پلائیں اور اس نقش کو لکھ کر دیں مرد ہے تو موم جامہ کر کے دائنے بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو گلے میں لٹکائے (انشاء اللہ) ایلرجی سے فوراً شفا ہوگی۔

عمل:۔ **یا یھا النمل دخلوا مسکنکم لا یحطمنکم سلیمن وجنودہ وھم لا یشعرون**

ترجمہ: اے چیونٹیو! اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں کنزالایمان پ19 سورۃ النمل آیت 18 ہندسے چال کیلئے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انمل ۲	وجنوده ۷	سلیمن ۶
لایشعرون ۹	لاالحطمنکم ۵	یایها ۱
مسکنکم ۴	ادخلوا ۳	وهم ۸

الٰهی بحرمت این نقش مکرم معظم این فلاں بن یا بنت فلاں صحت بخش ایلرجی دفع شود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند

ایلرجک زکام

یہ زکام ایلرجی کی وجہ سے ہوتا ہے ایلرجی عام طور پر گرد وغبار کی وجہ سے ہوتی ہے بعض لوگوں کو خوراک کے کسی جز کی ایلرجی بھی ہو سکتی ہے اس زکام کی پہچان یہ ہے کہ یہ اچانک شروع ہوتا ہے اچانک بیشمار چھینکیں آنے لگتی ہیں ناک میں کھجلی اٹھتی ہے اور پتلا پانی بہنے لگتا ہے اس کے بعد زکام کی باقی علامات شروع ہو جاتی ہیں ایلرجک زکام اکثر بار بار ہوتا رہتا ہے جب تک ایلرجی پیدا کرنے والی چیز سے چھٹکارا حاصل نہ ہو زکام پیچھا نہیں چھوڑتا اگر مخصوص گرد وغبار یا آب وہوا یا خوراک اس کا باعث بن رہی ہو تو اسے تبدیل کر دینا چاہئے یعنی وہ خوراک یا وہ علاقہ یا وہ پیشہ چھوڑ دینا چاہئے۔

علاج:۔(i) انسٹی ڈال (میب ہائیڈ رولین) گولیاں انجکشن ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(ii) نی نوکس نیزل ڈراپس۔ یا اگر بندیدہ بلاک ہوتا ہو تو ناک میں لیٹ کر دونوں طرف ڈلوائیں۔

(iii) ایکٹی فیڈ ڈی ایم گولیاں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(iv) اریتھروسن گولیاں 500 ملی گرام ایک گولی صبح ایک شام اگر بہت بخار معلوم ہوتا ہو۔

(v) کان ٹیک کیپسول۔ ایک صبح ایک شام اگر ناک بار بار بہتی ہو اور چھینکیں تنگ کرتی ہوں۔

(vi) ایڈاریک گولیاں۔ اگر سر میں درد بھی پریشان کرے دو ایک گولیاں دن میں دو تین دفعہ۔

ناک بند ہونا

ناک اکثر زکام کی وجہ سے بند ہوتی ہے بار بار زکام لگنے یا ناک میں ایلرجی کی وجہ سے پانی پانی ہو جانے سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہونے سے زکام زیادہ لگتا ہے اور ناک بند رہنے لگتی ہے اڈی نائیڈز کی وجہ سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے چھوٹے بچے ناک بند ہونے کی وجہ سے دودھ نہیں پیتے نیند نہیں کرتے بار بار کروٹیں بدلتے ہیں اور اوپر سے کپڑا اتار دیتے ہیں۔

علاج

ویزی لاکس نیزل ڈراپس یہ قطرے ناک کھولنے کیلئے ناک میں ڈالیں یہ چھوٹے بچوں میں بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں بڑوں میں نی نوکس (فینائل الفرین) ڈراپس بہتر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یایها	انمل	ادخلوا	مسکنکم
مسکنکم	ادخلوا	انمل	یایها
انمل	یایها	مسکنکم	ادخلوا
ادخلوا	مسکنکم	یایها	انمل

جلد کی بیماریاں

جلدی بیماریوں کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں بعض بیماریاں جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً پھنسیاں، پھوڑے اور ایپے ٹائیگو وغیرہ بعض بیماریاں مختلف قسم کی پھپھوندیوں کی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً دھدر یعنی رنگ ورم وغیرہ کئی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہیں جن میں مشہد ومعروف بیماری ایکزیما یعنی چھاجن کی مثال پیش کی جا سکتی ہے کئی جلدی امراض ایسے بھی ہیں جن کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں کی جا سکی مثلاً چنبل یعنی سورائے سز، برص وغیرہ اب ان میں سے مشہور جلدی امراض کا علیحدہ علیحدہ میں ذکر کروں گا۔

(i) ایپے ٹائیگو

یہ ایک جلدی بیماری ہے جو کہ جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہے یہ جراثیمی سرایت عام طور پر سٹے فیلو کا کائی جراثیموں کی وجہ سے ہوتی ہے پہلے جلد سرخ اور متورم ہو جاتی ہے پھر چھوٹو چھوٹے چھالے بنتے ہیں جن سے پانی یا سپرم نکل کر جمتا رہتا ہے اور چھلکا سا بن جاتا ہے۔ جہاں جہاں گندا پانی لگتا ہے جلد خراب ہوتی جاتی ہے چھوٹے بچوں کی یہ بیماری زیادہ تر منہ سر اور گردن پر ہوتی ہے اس بیماری میں جلد دکھتی ہے اور بعض ہلکا یا تیز بخار بھی ہو جاتا ہے ملحقہ غدد دعموماً متورم ہو جاتے ہیں۔

علاج

(i) ڈرموویٹ این این مرہم صبح دوپہر شام مقامی طور پر دن میں تین دفعہ لگائیں یا جنشن وائیلیٹ ایک فی صد مقامی طور پر لگائیں۔

(ii) سلفاڈایازین 2 گولیاں ہر چھ گھنٹے بعد بچوں کو حسب عمر کم اس بیماری کو بھی اوپر والے نقش وعمل استعمال فرمائیں انشاء اللہ ایلرجی شفاء ہوگی۔

سلسلہ وار یونانی ٹوٹکے

تحریر:۔ علامہ قادر قادری لاہور

بانجھ پن

برادہ دندان فیل چار تولے' زعفران تین ماشہ' طباشیر نو ماشے سونٹھ چھ ماشے' الائچی خورد ایک تولہ' تخم کونچ چھ ماشہ' ریش پیپل چھ ماشہ' ریش برگد چھ ماشہ' کالی ہڑڑ ایک تولہ' قند سیاہ دو تولہ۔

تیاری:۔ ان ادویات کو باریک پیس کر مریضہ کو صبح شام چھ ماشے پانی کے ہمراہ بعد فراغت حیض استعمال کرائیں۔

اور خاوند سے ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ مائیں خورد' ناگ کیسر' قند سیاہ ایک ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس لیں مریضہ کو روزانہ چھ ماشے ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ پھر خاوند سے ہمبستر ہو۔

دیگر:۔ طباشیر ایک تولہ برادہ دندان نیل تین تولہ' تخم شونگی ایک تولہ' کوزہ مصری ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر صبح شام ہر روز شے نویا ہمراہ دودھ استعمال کریں اور مریضہ خاوند کے ساتھ ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ حمل قرار پائیگا۔

دیگر:۔ برادہ داندان فیل دس ماشہ'

تیاری:۔ برادہ کو اچھی طرح باریک پیس لیں۔ حیض کے غسل سے فارغ ہونے کے بعد عورت کو روزانہ صبح دو ماشے پانچ روز تک دیں۔ اس کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ ریش پیپل' ریش برگد' قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو تولہ۔

تیاری:۔ پیپل اور برگد کی ریش کو باریک پیس کر قند سیاہ اس میں ملائیں۔ غسل حیض کے بعد ہر روز صبح شام تین روز تک ایک تولہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دوا کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔ انشاء اللہ بفضل خدا حمل قرار پائیگا۔

دیگر:۔ مصطگی رومی' گل دھاوا' گل سرخ' لونگ' دارچینی' ہر ایک چھ ماشہ زعفران جوز بوا' افیون ہر ایک دو ماشہ مشک خالص دو رتی۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر پرانی قند سیاہ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

حیض کے غسل سے فراغت کے بعد سات روز تک مریضہ کو روزانہ ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔

اس کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ برگ بھنگ آٹھ ماشے' افیون' زعفران ہر ایک چار ماشہ' مشک خالص آٹھ رتی' لونگ چودہ عدد سپاری دکنی بارہ عدد' جائفل چار عدد۔

تیاری:۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ غسل حیض کے بعد صبح شام انشاء اللہ پہلے مہینے حمل ہوگا۔

دیگر:۔ برادہ دندان فیل چار تولے۔ ریش پیپل۔ ریش برگد۔ ہر ایک دو تولہ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب کو باریک سفوف کرلیں۔ چار ماشہ ہمراہ دودھ بعد از فراغت غسل حیض سات روز تک دیں۔

اسقاط حمل

بدگ ببول دس تولہ' کو نصف سیر پانی میں پکائیں نصف پانی رہ جانے کے بعد ولائتی کھانڈ ملا کر پلائیں۔ دوران حمل خون آنے کو مفید ہے۔

دیگر:۔ گیرو' گل ببول' مجیٹھ' سفوف ہرمچی' سفید صندل' ہر ایک ایک تولہ الائچی کلاں چار ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر مصری تین تولے ملائیں صبح شام دو ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

دیگر:۔ مروارید' ناسفتہ دو ماشے' گل زیوفر' دو تولہ' چوک گنڈھی دو تولہ مروارید کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں اس کے بعد گل نیلوفر اور چوک گنڈھی باریک کر کے اس میں حل کریں پانی کی مدد سے کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں۔

ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں حیض کے دنوں میں گولیاں استعمال نہ کریں دوران حمل بھی علاج جاری رکھیں انشاء اللہ حمل اسقاط نہیں ہوگا۔ اور اولاد نرینہ ہوگی۔

سلسلہ وار یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم غلام قادر قادری
(لاہور)

تیاری: ۔ان سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔صبح شام مریضہ کو چھ ماشے عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں سلان الرحم اور کمر درد کیلئے مجرب ہے۔

دیگر:۔زیرہ سفید چار ماشے' گل سپاری دو تولے' سفید رال ایک تولہ طباشیر چھ ماشہ' تالمکھانہ نو ماشے کوزہ مصری تین تولے ان سب ادویات کو کوٹ کر باریک کرلیں۔
صبح شام چھ ماشے ہمراہ شیر گاؤ کے دیں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

دیگر:۔پوست انار اور چھالیہ کو ہم وزن باریک پیش لیں' صاف باریک کپڑے میں اس کو حسب ضرور باندھ کر پوٹلی بنا کر رات کو سونے سے پہلے رحم میں رکھیں۔صبح اس پوٹلی کو نکال کر پھینک دیں'
اسی طرح چندروز پوٹلیاں رکھنے سے رحم خشک ہوجائیگا۔

دیگر:۔شعلب مصری ایک تولہ' الائچی خورد چھ ماشے' سفید صندل چھ ماشہ گل سپاری دو تولے۔
تیاری:۔ان سب ادویات کوٹ کر کشتہ' بیضہ مرغ چھ ماشے اور کوزہ مصری تین تولے میں حل کر کے مریضہ کو صبح شام چار ماشے ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر:۔لودھ پٹھانی' چنیا گوند' سونف' بیج کاسنی' ہر ایک ایک تولہ' کشتہ عقیق دو ماشے۔
تیاری:۔سب چیزوں کو باریک پیس کر ان میں کشتہ عقیق ملالیں۔صبح شام چھ ماشے ہمراہ شربت انار دیں۔سیلان الرحم اور کثرت حیض کیلئے مفید ہے۔

دیگر:۔طباشیر' مصطگی رومی' مازوخشک' گل دھاوا' گل سپاری' مائیں خورد' آملہ خشک' گوند کیکر سب ایک ایک تولہ۔
تیاری:۔سب ادویات کو باریک پیس کر پانچ تولے مصری ملائیں صبح شام آٹھ ماشے دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔گل پستہ' گل دھاوا' گل سپاری' ہر ایک ایک تولہ گل ارمنی' گوکھرو' گوند ڈھاک' ہر ایک چھ ماشہ' سب ادویات کو باریک سفوف بنا کر تین تولہ کھانڈ ملالیں صبح شام چھ ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دیگر:۔موصلی سفید' خولنجاں' گل دھاوا' لودھ پٹھانی' گل سپاری' ہر ایک ایک تولہ' موچرس' کرکس' گوند ڈھاک' ہر ایک نو ماشہ' مائیں خورد و کلاں الائچی خورد' طباشیر' ہر ایک چھ ماشہ تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنالیں' اور ایک پونڈ دیسی گھی میں انہیں بھونیں' ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر اتاریں معجون تیار ہے صبح شام ایک تولہ استعمال کریں۔

دیگر:۔پرانے چمڑے کا جوتا دھو کر خشک کرلیں' پھر اس کو آگ میں جلائیں اور اس کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں روزانہ دو رتی ہمراہ بالائی دیویں۔

دیگر:۔ست مازو صبح شام ایک رتی بالائی ہمراہ دیویں۔

اسقاط حمل:۔

بدگ ببول دس تولہ' کو نصف سیر پانی میں پکائیں نصف پانی رہ جانے کے بعد ولائتی کھانڈ ملا کر پلائیں۔دوران حمل خون آنے کو مفید ہے۔

دیگر:۔گیرڈ گل ببول' مجیٹھ' سفوف ہریجی' سفید صندل' ہر ایک ایک تولہ الائچی کلاں چار ماشہ۔تیاری:۔سب ادویات کو باریک پیس کر مصری تین تولے ملائیں صبح شام دو ماشہ ہمراہ پانی دیں۔دیگر:۔مرواریدٗ ناسفتہ دو ماشے' گل زیوفر' دو تولہ' چوک گنڈھی دو تولہ مروارید کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں اس کے بعد گل نیلوف راور چوک گنڈھی باریک کر کے اس میں حل کریں پانی کی مدد سے کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں۔ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں حیض کے دنوں میں گولیاں استعمال نہ کریں دوران حمل بھی علاج جاری رکھیں انشاءاللہ حمل اسقاط نہیں ہوگا۔اور اولاد زینہ ہوگی۔**حفاظت حمل:**۔زعفران چھ ماشے' برادہ دندان فیل دو تولے زیرہ سفید نو ماشے الائچی خورد سبز ایک تولہ' مائیں خورد' گیرو چھ ماشے' سنگ جراحت چھ ماشے' کوزہ مصری دو تولے۔تیاری:۔ان ددیات کو باریک کوٹ کر' صبح شام دودھ کے ہمراہ خوراک چھ ماشے دیں۔اگر اسقاط کی علامات شدید ہوں تو دن تین بار بھی دوا استعمال ہوسکتی ہے۔

حاملہ کی بدہضمی

سونف تین ماشے' چاروں نمک تین ماشے' ٹاٹری ایک ماشہ' کالی مرچ چھ ماشے' کوزہ مصری اںک تولہ' ان سب کو بارںک پیس کر حسب ضرورت استعمال کریں۔

شفائے قلب یونانی ٹوٹکے

تحریر: حکیم شجاع احمد طاہر
0300-7510804
(ڈیرہ غازی خان)

حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ' فرماتے ہیں کہ 18 اپریل بروز ہفتہ ساہیوال شہر ختم نبوت کانفرنس کیلئے جانا ہوا روانگی سے ایک دن قبل بندہ کو دل کی جگہ ہلکا درد ہوا اور پھر کافی دیر گھبراہٹ اور گرانی محسوس ہوتی رہی۔ حضرت مولانا احمد عثمانی خطیب پاکپتن شریف سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ میری انجیو گرافی ہوئی۔ ڈاکٹروں نے بائی پاس تجویز کیا۔ ایک ماہ بعد ڈاکٹروں نے تاریخ دی اس دوران ایک حکیم صاحب نے ذیل کا نسخہ تیار کر کے دیا۔ جو کہ میں نے ایک ماہ استعمال کیا۔

مقررہ تاریخ پر کارڈیالوجی سنٹر لاہور میں 2 لاکھ روپے جمع کرائے۔ ڈاکٹروں نے معائنہ کیا تمام ضروری ٹیسٹ لئے اگلے دن بائی پاس ہونا تھے۔ تمام ٹیسٹ رپورٹیں ڈاکٹر صاحبان کی ٹیبل پر تھیں ڈاکٹرز صاحبان کا بورڈ بیٹھا۔ پہلے اور بعد والی رپورٹوں رٹیسٹوں کو دیکھا مجھے بغور چیک کیا۔ معائنہ کرتے رہے۔ بالآخر مجھ سے پوچھا کہ انجیو گرافی کے بعد آپ نے کیا کوئی دوا وغیرہ استعمال کی ہے۔ میں نے ڈاکٹر صاحبان کو بتایا کہ انجیو گرافی کے بعد میں نے یہ نسخہ استعمال کیا۔ ڈاکٹرز صاحبان کو نسخہ کے اجزاء اور تفصیل بتائی۔ انہوں نے مجھے مبارک باد دی اور کہا کہ آپ کی تین بند شریانوں میں سے دو مکمل طور پر کھل چکی ہیں۔ یہی نسخہ جاری رکھیں باقی شریانیں بھی بغیر آپریشن کھل جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا' جمع شدہ رقم واپس لی اور گھر لوٹ آیا۔ حضرت مولانا عثمانی نے اپنی یہ آپ بیتی سنائی اور ازراہ کرم مکمل نسخہ کے ساتھ فقیر کو تیار شدہ دوا کی بوتل عنایت فرمائی۔ میں نے پہلے تیار شدہ دوا استعمال کی اور پھر خود دوا تیار کر کے استعمال کرتا رہا اور عارضہ قلب سے نہ صرف چھٹکارا پایا بلکہ دل کی تمام بیماریوں سے محفوظ ہو گیا۔ جس دوست کا مجھے علم ہوتا کہ وہ قلبی امراض میں مبتلا ہے اسے مندرجہ نسخہ بتاتا ہوں کہ وہ اس موذی مرض سے محفوظ رہے اور بائی پاس آپریشن سے بچا رہے۔ یہ نسخہ دل کی بند شریانیں کھولنے کے نام سے نہ صرف مشہور ہوا بلکہ آج مقبول عام ہے اور ہزاروں ضرورت مند تیار کر کے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ افادہ عامہ کیلئے وہ نسخہ یہ ہے۔

لیموں کا رس 1 پیالی
ادرک کا رس 1 پیالی
لہسن دیسی کا رس 1 پیالی
سرکہ فروٹ 1 پیالی

ان چار پیالی رس کو ملا کر دھیمی آنچ پر رکھیں۔ جب ایک پیالی کم ہو کر تین پیالی رہ جائیں تو آگ سے اتار کر محلول کو ٹھنڈا ہونے دیں۔ ٹھنڈی ہونے پر تین پیالی شہد خالص ملا کر خوب مکس کریں اور صاف خشک بوتل میں محفوظ کر لیں۔

یومیہ نہار منہ اس دوا کے دو چمچ کھانے والے پی لیں اس کا مسلسل استعمال دل کی بند شریانیں کھول دیتا ہے۔ یہ فوڈ سپلیمنٹ ہے اس کا مسلسل استعمال کوئی نقصان کا باعث نہیں بنتا۔ یہ وہ نسخہ اور آپ بیتی ہے جس کو دیکھ کر اور پڑھ کر آج ملک بھر کے کونے کونے میں آباد مریضان قلب یہ نسخہ استعمال کر رہے ہیں اور ان کے دل کی بند شریانیں کھل رہی ہیں۔

یہ وہ آپ بیتی ہے جو ایک عالم دین نے دوسرے عالم دین کو بتائی اور خود بھی استفادہ کیا۔ رفائے عامہ کیلئے اس نسخہ کو عام کیا جس کو پڑھ کر بے ضرر اجزاء کی وجہ سے ملک بھر میں پھیلے ہزاروں لوگ اس کو بنا کر فائدہ اٹھا رہے ہیں اور اپنی بند شریانیں معمولی رقم خرچ کر کے بغیر آپریشن کھول رہے ہیں۔

مگر اکثر احباب شکایت کرتے ہیں کہ ہم جب بھی یہ نسخہ تیار کرتے ہیں ہر مرتبہ تیاری کے بعد دیکھنے میں مختلف لگتا ہے کبھی فائدہ کافی محسوس ہوتا ہے بعض اوقات وہ فوائد نہیں ملتے جس کی امید ہوتی ہے۔ کئی حضرات یہ نسخہ لے کر مطب پر آ جاتے ہیں اور مشورہ طلب کرتے ہیں پوچھنے اور تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی کہ نسخہ کے اجزاء خالص نہ ملنا ہر مرتبہ ادویات میں تبدیلی صحیح دوا نہ بنانا' مختلف انداز سے تیاری' صفائی کا خیال نہ رکھنا وغیرہ سے نسخہ کے فوائد میں فرق آ جاتا ہے۔ جس سے امراض قلب میں مبتلا شخص بھرپور فائدہ حاصل نہیں کر سکتا۔

کئی ضرورت مند فرماتے ہیں کہ یہ اجزاء آپ لے کر دوا تیار کر کے دیدیں تاکہ ہم بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ وقت کی کمی اور انکار کے باوجود دوا تیار کر کے دینی پڑتی ہے۔ آخر کار جب اس نسخہ کی طلب زیادہ بڑھی تو فیضان طبی فارما (R) نے یہ نسخہ خالصتاً انسانی فائدہ کو مدنظر رکھتے ہوئے **شفائے قلب** کے نام سے پیک کیا۔

روزہ استعمال سے آپ کی قوت باہ میں بھی اضافہ ہوگا اور آپ کا بدن بھی بھرا بھرا نظر آئے گا۔

جوش باہ و قوت باہ :۔

آدھ سیر گرم گرم دودھ میں دو چمچ اصلی شہد حل کر کے رات کو پئیں اور پھر کھائیں پئیں نہیں۔اس سے آپ کے اعضائے رئیسہ کو تقوت ملے گی اور آپ کی قوت باہ وجوش باہ میں بھی اضافہ ہوگا۔

جوش باہ و قوت باہ :۔

آدھ سیر گرم گرم دودھ میں ایک پاؤ جلیبی ڈال کر کھائیں۔انشاء اللہ آپ کو ایسی قوت ملے گی کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔

جوش باہ و قوت باہ :۔

سم الفار سفید (سنکھیا) ایک تولہ ڈلی لے کر آگ کے کنارے پر رکھیں سفید رنگ کا جو دھواں اٹھے گا اس پر گلاس رکھ دیں۔دھواں گلاس پر جم جائیگا۔ اب اس گلاس میں گرم گرم دودھ ڈال کر سونے سے قبل پئیں۔دس بارہ روز میں آپ کی تسلی ہو جائے گی۔اگر جاری رکھنا چاہئیں تو تین تین دن کا وقفہ دے کر جاری رکھ سکتے ہیں۔

حقیقت سرعت انزال :۔

حقیقت میں یہ کوئی مرض نہیں ہے مگر سنی سنائی باتوں سے اس کو اتنی بڑی بیماری تصور کیا جاتا ہے کہ مرد شادی کے نام سے خوف کھاتا ہے۔حالانکہ یہ اصل میں ضعف باہ ہوتی ہے اور اگر قوت باہ اضافہ کیا جائے تو ضعف باہ خود بخود ختم ہو جاتی ہے اور ویسے بھی مشاہدات میں آیا ہے کہ ازدواجی زندگی کے شروعاتی دنوں میں ہی یہ کمزوری قدرتی طور پر ختم ہو جاتی ہے۔ مزید رہنمائی کیلئے کسی شادی شدہ دوست سے معلومات لے سکتے ہیں۔ تاہم دل کی تسلی کیلئے نسخہ درج ہے۔

نسخہ 1 :۔

اگر کیکر کی نرم چھال اتار کر رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح چھان کر نہار منہ پئیں تو وقت مباشرت قدرتی طور پر طویل ہوتا ہے۔

نسخہ 2 :۔

اگر آدھ سیر گرم گرم دودھ میں دو چمچ اصلی دیسی گھی (گائے کا) ڈال کر چینی حسب ذائقہ ملا کر رات کو سونے سے قبل پئیں تو اس سے ایسی قوت باہ وامساک پیدا ہوگا کہ دنیا کی کوئی بھی دوا اس جتنا اثر نہ رکھے گی۔معمولی نہ سمجھیں۔

نسخہ 3 :۔

20 عدد ابلے ہوئے انڈوں کی زردی' آدھ پاؤ اصلی شہد' آدھ پاؤ کھویا' آدھ پاؤ پسہ ہوا ناریل' آدھ پاؤ دیسی گھی' آدھ پاؤ سنگھاڑا پسہ ہوا' آدھ پاؤ گوند کیکر' آدھ پاؤ موصلی سفید لے کر یکجان کر لیں اب اس میں بوہڑ کا دودھ ملا کر گوندھ لیں اور آدھ سیر گاجر کا تازہ رس نکال کر چولہے پر بالکل دھیمی آگ رکھ کر پکائیں جب تھوڑا گرم ہو جائے تو گوندھا ہوا مرکب اس میں ڈال کر پکائیں۔جب سارا آمیزہ اس قدر ہو جائے کہ اس کی گولیاں بن سکتی ہیں تو مثل لڈو کے تیار کر لیں اور اوپر چاندی کے ورق تیار کر لیں اور روزانہ ناشتے کے بعد ٹھنڈے دودھ سے ایک لڈو کھا لیا کیں۔انشاء اللہ تعالیٰ ضرور تعریف کرینگے۔

حرارت بدنی :۔

سائنسی اصول ہے کہ حرارت سے توانائی پیدا ہوتی ہے اسی لئے قوت باہ والے تمام نسخے گرم ہوتے ہیں مگر جب یہ حرارت انسانی بدن میں حد سے تجاوز کرنے لگے تو سونے جیسی خوراک کو بھی سکے بنانے لگتی ہے۔انسانی جسم میں حرارت کو کم کرنے کیلئے نسخہ جات درج ذیل ہیں۔

نسخہ 1 :۔

اگر ہفتہ میں ایک دو دن آب جو رات کو فریج میں رکھ کر ٹھنڈا کیا گیا ہو وہ نہار منہ پئیں تو جسم سے گرمی و بادی بہت جلد ختم ہو جائیگی۔اور جسم چاک و چوبند رہے گا نیز پھوڑے پھنسیاں بھی ختم ہو جائیں گی۔معمولی نہ سمجھیں۔

نسخہ 2 :۔

دھنیا خشک 15 گرام' کوزہ مصری 15 گرام' بیج خرفہ 37 گرام' اسپغول سالم 37 گرام' تمام اشیاء پیس کر یکجان کر لیں اور روزانہ نہار منہ اور شام کو 7 گرام ہمراہ پانی استعمال کریں۔(نوٹ: اسپغول سالم رہنے دیں)۔

نسخہ 3 :۔

تخم کاہو' تخم خیارین' دھنیا خشک' تخم ریحان' ثعلب مصری' گوند کیکر' گوند کتیرا' بھوپھلی' رومی مصطگی' موصلی سفید حسب اشیاء ایک ایک تولہ لے کر پیس لیں اور روزانہ نہار منہ اور شام کو ہمراہ پانی ایک ایک چمچ استعمال کریں۔انشاء اللہ فرق محسوس ہوگا۔

نسخہ 4 :۔

اگر گرمیوں میں روزانہ گھر کے جمے ہوئے دہی سے ادھڑ کا (نمکین لسی) بنا کر پیا جائے تو اس سے قوت باہ و قوت بدن میں اضافہ ہوگا اور سرعت انزال اور گرمی کا بھی کاتمہ ہوگا۔بہت مفید چیز ہے۔

احتلام :۔

احتلام کا ایک مجرب نسخہ شروعاتی تحریر میں گزر چکا ہے تاہم ایک اور مفید و آزمودہ نسخہ درج ہے۔ایک گلاس دودھ میں رات کو ایک چمچ گوند کتیرا اور ایک چمچ تخم ملنگا ڈال کر صبح ایک چمچ ثعلب مصری ڈال کر نہار منہ پئیں۔تو بہت جلد افاقہ ہوگا۔مگر مہینہ میں تین چار بار ہو جانا کوئی بیماری نہیں۔

جریان' لیکوریا :۔

اس بیماری کے دو نام ہیں اور یہ لڑکے اور لڑکیوں میں اکثر پائی جاتی ہے۔

مگر حقیقت میں ایک ہی بیماری ہے اور اس کا علاج بھی دونوں کیلئے ایک ہی ہے لڑکے اور لڑکیوں کیلئے یہ میرا بارہا مجرب و آزمودہ نسخہ ہے۔ سنگھارا خشک' اسگندنا گوری' ناریل پسا ہوا' گوند کیکر' موصلی سفید' موصلی سیاہ اور کوزہ مصری میں سب اشیاء آدھ آدھ پاؤ لے کر پیس کر کپڑ اچھان کر لیں اور نہار منہ اور شام کو ہمراہ پانی دو دو چمچ استعمال کریں۔ اگر کسی بھی دوا سے افاقہ نہ ہوا ہو تو اس سے انشاء اللہ حسب امید نتائج ملیں گے۔

مادہ منویہ یا تولیدی جرثومہ کی کمی :۔

یہ نسخہ عرض کرنے سے قبل بتاتا چلوں کہ میری اردو اتنی اچھی نہیں لیکن پھر بھی بہت کوشش سے اردو لکھ رہا ہوں۔ میرے دوست نے مجھے بتا دیا تھا کہ رسالہ کے چیف ایڈیٹر ہندی لکھنا اور پڑھنا بھی جانتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہندی رسم الخط میں لکھ رہا ہوں کافی آسانی ہوگئی۔ دوا اور دعا دونوں ضروری ہیں۔ جرثومہ کی کمی اس نسخہ سے پوری ہو جاتی ہے۔ کم از کم 2 ماہ یہ نسخہ استعمال کیا جائے۔ یقیناً اولاد ہوگی۔

نسخہ :۔

چلغوزہ کچا' پستہ کچا' کاجو کچا' اخروٹ' چار مغز' بادام کاغذی' کچی موپھلی' پسا ہوا ناریل' موصلی سفید سب اشیاء کوٹ کر یکجان اور نہار منہ اور شام کو دودھ چمچ ہمراہ ٹھنڈا دودھ استعمال کریں دونوں میاں بیوی تو اس سے لیکوریا تولیدی جرثمہ کی افزائش میں اضافہ ہوگا۔ انشاء اللہ اگر کثرت احتلام یا جریان یا کثرت سے مادہ منویہ کا ضیاع کیا گیا تو شادی سے پہلے بھی یہ نسخہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

آتشک سوزانی :۔

اگر خدانخواستہ کسی کو ایسا مسئلہ درپیش ہو تو وہ شرمائے نہیں بلکہ فوراً کسی اچھے سے ڈاکٹر یا تجربہ کار حکیم سے رجوع کرے کتابوں سے نسخے ڈھونڈ کر خود سے علاج کر کے صحت و وقت برباد نہ کریں۔ نسخے تو میں بھی لکھ سکتا ہوں اور آپ کو اور بھی بہت سی کتابوں میں مل جائیں گے مگر اس بیماری کو ڈھیل دے کر خود کو اذیت میں مبتلا نہ کریں۔

جلق :۔

یہ واقعی ایک برا فعل ہے اور بری عادت ہے اس کے نقصان بھی ہیں اور گناہ بھی ہے اس برے اور شرمناک فعل سے باز رہنا چاہئے مگر طبعی لحاظ سے اس کے اتنے بھی نقصانات نہیں کہ انسان دل برداشتہ ہو جائے کہ میں شادی کے قابل ہی نہیں رہا۔ اگر ضرورت ہو تو چھالکا یا طلاء سے اس کا ازالہ کیا جا سکتا ہے۔

چھالکا :۔

اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ نے خود پر بہت زیادہ ظلم کر دیا ہے اور واپس پہلے والی حالت میں لانا ناممکن ہے تو واپسی کا راستہ بند نہیں ہے۔ ہاں مگر دو دن آپ کو مشکل کا سامنا کرنا پڑے گا اور میں حتمی اعلانیہ اور شرطیہ کہتا ہوں کہ آپ ایسا محسوس کرینگے کہ گویا ابھی ابھی آپ کے عضو تناسل کا جسم ہوا ہو۔ یہ طریقہ میں نے کئی مریضوں پر کیا اور آج سب خوش وخرم ہیں۔

طریقہ 1 :۔

ایک دانہ جمالگوٹہ کا تازہ تازہ پیس کر عضو کی پشت پر جڑ پر لگائیں اور اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ لپیٹ دیں دو گھنٹوں کے بعد آپ کو بہت زیادہ چبھن محسوس ہونا شروع ہوگی مگر آپ نے صبح تک برداشت کرنا ہے اگر تکلیف حد سے زیادہ ہو جائے تو کھول سکتے ہیں مگر گھبرانا نہیں عضو کی پشت پر ایک چھالکا سا بنا ہوگا کانٹے سے اس کو پھوڑ کر اس کا پانی نکال دیں یا خود بخود ہی پھوٹا ہوا ہوگا۔ پس اب آپ کا عمل ختم۔

اب آپ دو دن علیحدہ کمرہ میں ہی رہیں اور نیم گرم گھی سے عضو کو چوپڑتے رہیں آہستہ آہستہ آپ عضو کے اوپر سے میل کچیل اترتی ہوئی محسوس کرینگے پس آپ نے ہمہ وقت گھی سے چوپڑتے رہنا ہے اور دن میں تین دفعہ ایک ایک گولی سپڑان کھاتے رہنا ہے اور مکھی مچھروں سے بہت زیادہ احتیاط کرنی ہے۔ انشاء اللہ تیسرے دن آپ اپنی مردہ رگوں میں خون کی گردش محسوس کرینگے۔

طریقہ 2 :۔

اگر غلط کاریوں کی وجہ سے آپ اپنے عضو میں پہلے سی سختی محسوس نہیں کرتے تو اس کیلئے ایک نہایت ہی آسان اور انوکھا طریقہ یہ ہے کہ ایک کاٹن کی پٹی ٹھنڈے پانی میں بھگو کر عضو تناسل پر لپیٹ دیں جب سوکھ جائے تو پھر تر کر کے لپیٹ دیں یہ عمل ہمہ وقت دل جمی سے کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک دو ہفتہ میں آپ کو حسب منشاء نتائج ملیں گے۔ عجیب چیز ہے بارہا مجرب و آزمودہ ہے۔

طریقہ طلاء :۔

عام طور پر لوگ طلاء کی مالش کے طریقے سے استعمال کرتے ہیں جو کہ فائدہ کی بجائے الٹا نقصان کا باعث بنتا ہے۔ طلاء کا اصل طریقہ یہ ہے کہ صرف عضو کی پشت پر اوپر سے نیچے کی طرف ہلکے ہاتھ سے رگڑ دی جائے نہ کہ واپسی اوپر کی طرف بھی۔ اور جب تک طلاء پوری طرح جذب نہ ہو جائے اس وقت تک اور قطرے نہ ڈالیں اور تقریباً دس پندرہ منٹ تک انگلیوں کے پوروں سے ہلکا مساج کریں یہاں تک کہ عضو گرم ہو جائے اور اس کی ساری کی ساری نسیں کھل جائیں اس کے بعد ریان یا ارنڈ کے پتے یا گرم پٹی سے لپیٹ دیں اور ٹھنڈ سے بچائیں تو ہی طلاء فائدہ دے گا

طلاء 1 :۔

میری نظر میں سانڈھے کے تیل سے بڑھ کر اور کوئی طلاء نہیں ہو سکتا۔ جن احباب کو بھی استعمال کی ہدایت کی سب ہی نے تعریف کی۔ بشرطیکہ نظر کے سامنے نکالا ہوا خالص تیل ملے تو۔

راز نباتات

تحریر:۔ حکیم سریندر رائے (انڈیا)

رسالہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ کچھ عرصہ پہلے شروع کیا اس کا تعارف مجھے میرے قریبی دوست جو کہ پاکستان چکوال میں رہائش پذیر ہیں۔ اور حکمت سے دلچسپی کی وجہ سے میرا اور ان کا تعلق ہے۔ ان کی معرفت مجھے انڈیا میں یہ رسالہ قریبی بکسٹال سے مل گیا۔ اپنے خاندانی مجرب نسخہ جات پاکستانی قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

چند ایسے نسخہ جات بتائے جا رہے ہیں جن پر عمل کر کے انشاء اللہ تعالیٰ آپ خوش وخرم ازدواجی زندگی گزار سکیں گے اور جو لوگ خواہ مخواہ جنسی بیماریوں کی وجہ سے ذہنی بیماریوں کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان کی بھرپور ذہنی اصلاح ہو سکے گی۔

عموماً ہر معاشرے میں جنسی کمزوری کو جنسی بیماری سمجھا جاتا ہے۔ مگر حقیقت کچھ اور ہے جنسی کمزوری کو علاج بالغذا سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ اور علاج بالغذا کو معمولی نہ سمجھیں۔ وہی دوا کمزوری دور کرتی ہے۔ جس کے اثرات آپ کے جسم پر بھی نمایاں نظر آئیں۔ اگر روزانہ رات کو صرف آدھ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ چار پانچ دانے کھجور کے کھا لیے جائیں تو انشاء اللہ زندگی میں کبھی بھی کمزوری محسوس نہ ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ سیب' کیلا اور مختلف قسم کے پھل رات کو کسی ٹھنڈی جگہ پر رکھ دیں اور صبح اس دودھ میں ثعلب مصری ایک چمچ حل کر کے نہار منہ پئیں۔ تو مولا پاک کے کرم سے چار پانچ دنوں میں اس مصیبت سے نجات مل جائے گی مگر جاری رکھیں گے۔ ان دو نسخوں میں قوت باہ' امساک' جریان اور احتلام کا علاج بند ہے۔ مگر جن صاحبان کی تسلی ادویات سے ہوتی ہے ان کیلئے میرے چند مجرب و آزمودہ نقصان سے پاک نسخے تحریر خدمت ہیں وہ بخوشی اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں۔ مگر سب سے پہلے علاج بالغذا......

سرخ و شاداب چہرہ :۔

آدھا سیر دودھ ابالنے کے بعد اس میں قابلی انار کے دانے ڈال دیں۔ دو چار گھنٹے کے بعد جوسر میں ان کو شیک کر لیں اور چھان کر صاف جوس نکال لیں پھر اس جوس میں ایک چمچ کوٹے ہوئے بادام ڈال دیں اور پھر شیک کر لیں پھر ایک سیب کے آٹھ ٹکڑے کاٹ کر چھلکا اتار کر اس جوس میں ڈال دیں اور رات بھر رہنے دیں۔ صبح نہار منہ پہلے سیب کے ٹکڑے کھائیں پھر جوس پئیں۔ مگر کوشش کریں کہ ہر نہار منہ کھانے والی دوا یا خوراک نماز فجر سے پہلے کھا لیں کیونکہ ان کے ایک گھنٹہ بعد تک کچھ کھانا پینا نہیں ہوتا ورنہ اثر زائل ہو جاتا ہے اور رات کو کھانے والی دوا یا خوراک کے لئے بھی یہی ترکیب ہے۔ اس نسخہ سے آپ کا دل' جگر' معدہ اور باقی اعضاء اپنے فعال درست سرانجام دینے لگتے ہیں جو کہ میری اولین کوشش ہوتی ہے اور اس میں آپ کو ہر طرح کا اطمینان بھی مل جائے گا۔

جن اشخاص کو ورزش یا کثرت کا شوق ہو ان کے لئے بھی یہی عمل اضافی اجزاء کے ساتھ درج ہے۔ انار کا ملک شیک اور بادام ڈالنے کے بعد سیب کے آٹھ ٹکڑے میں سے چار کا چھلکا اتار لیں اور چار کا رہنے دیں۔ نہار منہ چھلکوں والے ٹکڑے کھائیں اور تھوڑا سا دودھ پئیں۔ اور ورزش یا کثرت مکمل کرنے کے بعد بقیہ دودھ اور سیب جوسر میں ڈال کر اس میں دو عدد کیلے' ایک کچا انڈہ' Horlids دو چمچ' بالائی یا کریم دو چمچ' پیسہ ہوا ناریل دو چمچ' لیبی تن کے بیج ایک چمچ ڈال کر شیک کریں اور نوش فرمائیں اس نسے آپ کی رنگت بھی سرخ ہوگی اور ہر طرح کی کمزوری بھی ختم ہو جائیگی۔ اور ایسی اصلی اور دیرپا طاقت آپ کو کسی Storyride یا انگریزی دوا سے نہ ملے گی۔ But No Sugger۔

قوت باہ و قوت بدن :۔

آدھا سیر دودھ میں دس عدد کالے چنے رات کو بھگو دینگے۔ نہار منہ پہلے چنے کھائیں پھر دودھ میں تھوڑی سی چینی ملا کر پئیں اور آہستہ آہستہ دونوں نسخوں میں اپنے ہاضمہ کے مطابق اضافہ کرتے جائیں ایک ہی مہینہ کے اندر آپ اپنے وجود میں پہلوانوں جیسی طاقت محسوس کرینگے۔ مگر کثرت والے نسخے صرف کثرت کرنے والے افراد ہی استعمال کریں۔

قوت باہ و شاندار بدن :۔

جہاں کوٹنے کا لفظ آیا ہے وہاں مثل چینی کے مطابق ہے اور جہاں پیسنے کا لفظ آیا ہے وہاں مثل میدہ کے مطلب ہے۔ آدھ پاؤ بھنے ہوئے چنے چھلکا اتار کر کوٹ لیں۔ آدھ پاؤ پسا ہوا ناریل' آدھ پاؤ گڑ' آدھ پاؤ بادام' دو چھٹانک پستہ' کاجو' اخروٹ' کچی سونف اور سفید موصلی کوٹ کر یکجان کر کے مرکب تیار کر لیں روزانہ رات کو سوتے وقت آدھ سیر نیم گرم دودھ میں اس مرکب کی دو چمچ حل کر لیں اور وہ آمیزہ پی لیں۔ یاد رکھیں حل کر کے پینا ہے کھا کر اوپر سے دودھ نہیں پینا ورنہ فوائد کم ملیں گے۔ اس نسخہ کے چند

جن کی نظر بد بھی انسان کو لگ سکتی ہے!

حضرت ابو سعید حدری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنات اور انسانوں کی نظر بد سے پناہ طلب کیا کرتے تھے۔ پھر جب معوذ تین الفلق الناس نازل ہو ہیں تو آپ انہیں کو پڑھا کرتے تھے اور باقی دعا ہیں آپ نے چھوڑ دی تھیں۔

ام سلمہ کہتی ہیں کہ آپ نے ان کے گھر میں ایک لڑکی کو دیکھا جس کے چہرے پر سیاہ نشان تھا چنانچہ آپ نے فرمایا اس کو نظر ہے لہذا اس پر دم کردو۔

ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ جس طرح انسان کی نظر بد اثر کرتی ہے اسی طرح جن کی بھی نظر بد اثر کرتی ہے اس سے مسلمان کو چاہئے کہ وہ جب بھی اپنے کپڑے اتارے یا شیشہ دیکھے یا کوئی بھی کام کرے تو بسم اللہ پڑھ لیا کرے تا کہ جنوں اور انسانوں کی نظر بد کی تاثیر سے بچ سکے۔

نظر بد کا علاج

اس علاج کے کئی طریقے ہیں میں ان میں سے چند ایک درج کرتا ہوں۔

پہلا طریقہ :۔ جس شخص کی نظر لگی ہو اگر اس کا پتہ چل جائے تو اس کو غسل کرنے کا کہا جائے پھر جس پانی سے اس نے غسل کیا ہو اسے نظر بد سے متاثرہ شخص پر بہا دیا جائے اس طرح انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

ابو امامہ کہتے ہیں میرے باپ سہل بن حنیف نے غسل کرنے کا ارادہ کیا اور جب اپنی قمیض اتاری تو عامر بن ربیعہ ان کی طرف دیکھ رہے تھے ان کا رنگ انتہائی سفید تھا اور جلد بہت خوبصورت تھی عامر نے دیکھتے ہی کہا میں نے آج تک اتنی خوبصورت جلد کسی کنواری لڑکی کی بھی نہیں دیکھی ان کا یہ کہنا تھا کہ سہل کو شدید بخار شروع ہو گیا۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ قصہ بتایا گیا اور آپ سے یہ بھی کہا گیا کہ سہل کی حالت یہ ہے کہ وہ سر بھی نہیں اٹھا سکتا۔ آپ نے پوچھا کیا تمہیں کسی پر شک ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں عامر بن ربیعہ پر شک ہو سکتا ہے۔ سو آپ نے انہیں بلوایا اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ تم میں سے کوئی ایک کیوں اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے۔ کیا تم بارک اللہ نہیں کہہ سکتے تھے۔ اس کیلئے غسل کرو۔ چنانچہ عامر نے اپنا چہرہ' ہاتھ' کہنیاں' گھٹنے' پاؤں اور اپنی چادر کے اندرونی حصے دھوئے پھر اسی پانی کو آپ نے سہل کے اوپر پیچھے سے بہا دیا اور سہل فوراً شفایاب ہو گئے۔

غسل کرنے کا طریقہ :۔ ابن شہاب زہری کا کہنا ہے کہ ہمارے زمانے کے علماء نے غسل کی یہ کیفیت بیان کی ہے جس آدمی کی نظر لگی ہو اس کے سامنے ایک برتن رکھ دیا جائے جس میں وہ سب سے پہلے کلی کرے اور پانی اسی برتن میں گرائے پھر اس میں اپنا چہرہ دھوئے پھر بائیں ہتھیلی پر پانی بہائے پھر پہلے دائیں کہنی پھر بائیں کہنی پر پانی بہائے پھر بائیں ہاتھ سے اپنا دایاں پاؤں دھوئے پھر دائیں ہاتھ سے بایاں پاؤں دھوئے پھر اسی طرح گھٹنوں پر پانی بہائے پھر اپنی چادر' شلوار وغیرہ کا اندرونی حصہ دھوئے اور اس پورے طریقہ میں اس بات کا خیال رہے کہ پانی برتن میں ہی گرے اس کے بعد جس شخص کو نظر بد لگی ہو اس کے سر کی پچھلی جانب سے وہ پانی یک بارگی بہا دیا جائے۔

دوسرا طریقہ :۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔

بسم اللہ ارقیك واللہ یشفیك من کل داء یوذیك ومن کل نفس اوعین حاسد اللہ یشفیك بسم اللہ ارقیك۔

ترجمہ:۔ میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھے دم کرتا ہوں اور اللہ تجھے ہر تکلیف و بیماری اور ہر روح بد یا حسد کرنے والی آنکھ کی برائی سے شفا دے گا۔

تیسرا طریقہ :۔ بسم اللہ یبریك من کل داء یشفیك وم شر حاسد اذا حسد ومن شر کل ذی عین۔

ترجمہ :۔ اللہ کے نام کے ساتھ وہ اللہ تجھے ہر بیماری سے شفا دے گا اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے اور ہر نظر بد کے شر سے۔

چوتھا طریقہ :۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اللھم رب الناس اذھب الناس واشف انت الشافی لاشفاء الاشفاء شفاء لایغادر سقما۔

اے اللہ تو لوگوں کا پروردگار ہے تکلیف دور فرما اور شفا بخش کیونکہ تو شفا بخشنے والا ہے۔ تیری شفاء کے علاوہ کوئی شفا نہیں ایسی شفا عطا فرما جو بیماری کو جڑ سے اکھاڑ دے۔

پانچواں طریقہ :۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر آخری تین سورتیں پڑھیں اور اس پر دم کردیں۔

بندش زبان

آیہ و لو لا اذ سمعتموہ قلتم سے حکیم (پ۱۸ع۸)

وہ لوگ جو کہ بدزبان ہو اُن کے اس عمل کی وجہ سے خطرہ اور شر پھیلتا ہو ایسے لوگوں کی زبان بند کرنے کیلئے بدھ کے دن 12:30 پر سفید انگور کے پانی پر 13 بار پڑھیں۔ اس پانی میں شکر ملا کر اس کا حلوہ بنائیں اور یہ حلوہ اُس شخص کو کھلا دیں۔ اسی طرح درج بالا تینوں آیات مٹی کی ٹھیکری یا کچی اینٹ پر لکھ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔

نمک کے ٹوٹکے

تحریر:۔حکیم سریندررائے (انڈیا)

تھکی ہوئی آنکھ کیلئے:۔

جب کھال میں کافی روغن نہیں رہتا تو ڈھیلی پڑ کے آنکھوں کے پاس جھریاں پڑ جایا کرتی ہیں۔اس کے لیے لمبا علاج ہے۔لیکن سارا دن کام کرنے کے بعد آنکھوں کے گرد جو حلقے پڑ جاتے ہیں ان کے لئے نمک کا استعمال مفید ہے۔اس کی ترکیب یہ ہے کہ معمولی نمک کا ایک چمچہ آدھا گلاس بہت گرم پانی میں گھول لیں پھر ایک بڑی سی کپڑے کی گدی بنالیں اور اس نمکین پانی میں اسے ڈبوئیں ذرا نچوڑیں اور آنکھیں بند کر کے اس کو رکھ لیں اس گدی کو اس وقت تک رکھا رہنے دیں جب تک وہ کچھ ٹھنڈی ہونے لگے اس کے بعد پھر اسی طرح ڈبو کر نچوڑ کر آنکھ پر اسے رکھیں اس کے بعد کوئی ٹھنڈی کریم آنکھوں کے پپوٹہ پر لائیں اور پھر وہاں سے نتھنے سے ذرا اوپر گھما کے لائیں کریم کو پھر پونچھ دیں ہمیشہ اوپر کے پردہ پر ہلکی سی کریم لگایا کریں۔تا کہ بڑی عمر میں آنکھوں کے گرد جھریاں نہ پڑیں۔ اور کھال میں سیاہی نہ آئے۔کیونکہ یہ دونوں علامتیں بڑی عمر کی ہیں۔

بچھو کاٹے کا مجرب نسخہ:۔

بچھو کے ڈنک مارنے کی جگہ ذرا مشکل سے ملتی ہے۔خصوصاً رات کو تو بالکل پتہ نہیں لگ سکتا اور جب تک عین ڈنک کی جگہ دوائی نہ لگے تب تک اچھی سے اچھی دوائی سے بھی فائدہ نہیں ہوتا۔لہذا ایک ایسی دوائی لکھی جاتی ہے جسے صرف آنکھوں میں ڈالنے سے ایک سیکنڈ میں زہر اتر جاتا ہے۔اور لطف یہ کہ اس پر کچھ خرچ بھی نہیں ہوتا۔

بنا کر مفت تقسیم کیجئے ثواب اور شہرت حاصل ہوگی۔ یہ نسخہ اٹھارہ سال ہوئے ایک سادھو نے بتایا تھا۔کئی بار تجربہ کیا گیا کبھی خطا نہیں گیا۔آج تک تو سینہ میں بند تھا مگر اب اسے بھی درج ذیل کرتا ہوں۔

نمک لاہوری ایک تولہ' پانی صاف پانچ تولہ ایک شیشی میں ڈال کر حل کر لیں بس دوائی تیار ہے۔جس کو بچھو کاٹے اس کی آنکھوں میں سلائی سے لگائیں جس قدر زہر چڑھا ہوا ہوگا فوراً اترنا شروع ہو جائے گا اور چند منٹوں کیا ندر ڈنک کے مقام پر بھی درد نہ رہے گا۔

ملیریا کا کامیاب علاج:۔

کسی شخص کو روزانہ تیسرے دن یا چوتھے دن سردی محسوس ہونے کے بعد بخار ہو جائے تو یہی سمجھ لینا چاہئے کہ وہ ملیریا کا شکار ہو گیا ہے۔

مجھے ایک مشہور اور تجربہ کار ؤید نے کہا کہ ملیریا کا علاج ایک بالکل معمولی سی چیز میں مضمر ہے اور یہ دوائی اتنی سستی ہے کہ غریب سے غریب انسان بھی اس سے بلا تکلف فائدہ اٹھا سکتا ہے۔وہ دوائی ہے۔نمک کا استعمال' پہلے تو مجھے ان کے اس مشورہ سے تعجب سا ہوا اور ان کی بات پر یقین بھی نہ آیا لیکن ان کے حسب ارشاد نمک کا استعمال کرنے سے ملیریا کے مریضوں کو ننانوے فیصدی کامیابی حاصل ہوئی۔ دوائی پر کم خرچ بالا نشین کی مثال صادق آتی ہے ترکیب استعمال یہ ہے۔

روزانہ استعمال میں لائے جانے والے صاف نمک کو صاف ستھری لوہے کی کڑاہی یا توے پر اچھی طرح بھون لیا جائے۔حتیٰ کہ وہ بھورے رنگ کا ہو جائے اس کے بعد بچے کے لئے آدھا اور جوان شخص کے لئے سالم چمچہ بھر نمک لے کر اسے ایک گلاس پانی میں ابال لینا چاہئے۔جب یہ نمک پانی میں اچھی طرح جذب ہو جائے تو مریض کو پینے کے قابل یہ معمولی گرم پانی اس وقت پلا دینا چاہئے۔جب تک کہ اسے بخار نہ چڑھا ہوا ہو۔اس سے نوے فیصدی مریضوں کو دوبارہ بخار چڑھے گا ہی نہیں۔اور اگر بخار نہ اترے تو نمک کا یہی علاج دوبارہ کریں۔تیسری خوراک کی ضرورت ہرگز محسوس نہیں ہوگی۔البتہ مریض کو سردی سے بچانے کی جانب زیادہ توجہ دینی چاہئے۔

یورپ کے ڈاکٹر بروگ کا کہنا ہے کہ جب میں ہنگری اور جنوبی امریکہ کے پرانتوں میں گھومتا تھا۔تب ملیریا کے بخار کو دور کرنے کے لئے نمک کا یہ نسخہ بڑی کامیابی کے ساتھ استعمال کیا کرتا تھا۔

اس دوا کا حقیقی فائدہ بھوکے پیٹ ہی کھانے سے ہی ہوتا ہے اس لئے اسے ہمیشہ بھوکے پیٹ ہی کھانا چاہئے۔پچھلے اٹھارہ برسوں میں' میں سینکڑوں مریضوں پر اس نمک کا تجربہ کر چکا ہوں جن لوگوں نے باقاعدہ اس دوا کو کھایا اور پرہیز کا پورا پورا خیال رکھا ان میں سے شاید ہی کوئی روگی مایوس ہوا ہو۔اس سادہ طریقے سے ہزاروں روگیوں کو آرام ہوا۔

لاجواب سرمہ:۔

لاہوری نمک کے چمک دار اور صاف شفاف ٹکڑے لیکر خوب باریک پیس لیں۔بس سرمہ تیار ہے۔آنکھوں میں ککرے ہوں' پانی بہتا ہو۔ناخنہ اور پھولا ہو (لیکن پھولا چیچک کا نہ ہو) اس لاجواب سرمہ کا استعمال کیجئے۔سب شکایات دور ہو جائیں گی۔

دافع درد اور جلن :۔

بچھو، زہریلی مکھی اور بھڑ وغیرہ کے ڈنک پر ذرا سا پانی لگا کر باریک پسا ہوا نمک رگڑنے سے درد اور جلن بند ہو جاتی ہے اور سوجن نہیں چڑھتی۔

سر درد :۔

جس شخص کے سر میں درد ہو اسے ایک چٹکی نمک زبان پر رکھ لینا اور دس منٹ کے بعد ایک گلاس سرد پانی پی لینا چاہیے درد دور ہو جائے گا۔

نزلہ زکام :۔

پسا ہوا نمک شہد میں گوندھ کر کپڑے میں لپیٹ کر اور مٹی لگا کر آگ پر رکھیں۔ مٹی خوب سرخ ہو جائے تو نمک کو اندر سے نکال کر پیس کر رکھ لیں

ایک ماشہ روزانہ صبح کو یا بعد از طعام قدرے پانی سے کھانا زکام، نزلہ، ریاح اور جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔

علاج بند حیض :۔

عورتوں کے بچہ ہونے کے بعد ٹھنڈی ہوا یا سرد پانی کے استعمال سے گندے خون کا باہر نکلنا بند ہو جاتا ہے۔ اس سے پیٹ میں شدید درد اور اپھارہ ہو جاتا ہے۔ مثانہ کے اوپر ایک گانٹھ پیدا ہو جاتی ہے۔ پیشاب بالکل رک جاتا ہے یا تھوڑا تھوڑا آتا ہے بعض اوقات گندے خون کے رک جانے سے ٹانگوں میں شدید درد ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ نمک گرم پانی کے ساتھ دن میں تین بار کھلائیں۔ اس سے گندہ خون دوبارہ جاری ہو کر نکل جاتا ہے۔

نمک اور کھانڈ :۔

سینڈھا نمک ایک حصہ، دیسی کھانڈ چار حصہ دونوں کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر رکھیں اس میں سے تین تین ماشہ صبح، دوپہر اور شام کے وقت گرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔ ملیریا یا موسمی بخار پسینہ آ کر اتر جاتا ہے اور پھر نہیں چڑھتا۔

گرم دودھ کے ساتھ صبح و شام تین تین ماشہ کھلائیں۔ نزلہ و زکام کو آرام ہو جاتا ہے۔

کھانا کھانے سے دس منٹ پہلے یا دس منٹ بعد تازہ پانی کے ساتھ موسم گرما میں اور گرم پانی کے ساتھ تین تین ماشہ موسم سرما میں کھلانا بدہضمی اور بھوک کی کمی دور کرتا ہے۔

آدھ آدھ پاؤ گرم پانی میں تین تین ماشہ ملا کر دن میں چار بار چار چار گھنٹہ کے بعد پلانا دمہ میں مفید ہے۔

چار چار ماشہ صبح، دوپہر اور شام کے وقت گرم پانی کے ساتھ کھلانا باؤ گولہ کو دور کرتا ہے اسی طرح استعمال کرنے سے اپھارہ اور پیٹ کا گڑگڑانا بھی دور ہو جاتا ہے۔

گرم دودھ یا تازہ پانی کے ساتھ صبح و شام تین تین ماشہ کھلانے سے پسینہ کا زیادہ آنا دور ہو جاتا ہے۔

بکری کے گرم دودھ کے ساتھ چار چار گھنٹہ کے بعد دن میں چار چار ماشہ کھلانا ابتدائی تپ دق میں مفید ہے۔

علاج بذریعہ مرچ

کوئی چیز ہو اس میں نقائص کے ساتھ اوصاف اور فوائد بھی ہوتے ہیں ایک اچھی مانی جانے والی چیز بھی ناجائز طریق سے استعمال کی ہوئی نقصان رساں اور بری مانی جانے والی چیز جائز طریق سے برتی ہوئی فائدہ بخش ہوتی ہے۔ مرچ بھی اس اصول سے باہر نہیں۔

کوئی روگ اور مرض ہو اس کا پرہیز بتلاتے وقت سرخ مرچ کا نام سب سے پہلے بولا جاتا ہے مگر باوجود اس قدر بدنام ہونے کے بھی مرچ کھانے کا رواج روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ انڈیا کے بعض حصے تو ایسے ہیں کہ وہاں کے لوگ بغیر مرچ کے زندگی ہی وبال سمجھتے ہیں۔ اگر کوئی آدمی جو مرچ کھانے کا عادی نہ ہو ان کی طرف چلا جائے تو مرچوں کے مارے اس کی جان پر آ بنتی ہے چونکہ اس کی کھپت بڑھ رہی ہے اس کی پیداوار بھی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اب ذرا اوپر والے کی قدرت ملاحظہ فرمائیے کہ اس قدر بدنام ہونے کے باوجود اس میں گن، اوصاف اور فائدے بھی رکھتے ہیں

ایک عجیب دوا :۔

بیج دور کی ہوئی سرخ مرچ کا سفوف ایک تولہ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ 30 تولہ دونوں کو ملا کر شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ مضبوطی سے بند کر دیں۔ ہر روز شیشی کو ہلا دیا کریں۔ پندرہ روز کے بعد سپرٹ کو چھان کر رکھ چھوڑیں۔ فضلہ پھینک دیں۔ بس ٹیکھشن سار نامی دوا تیار ہو گئی جس کے اوصاف دیئے جاتے ہیں۔

بقیہ آثار مراقبہ

بھر گیا ہے کہ مائع بہہ کر باہر آیا چاہتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ چند قطرے اس میں مزید گرنے سے اس کی مائع (پانی) کی سطح اور بلند ہو جاتی ہے۔ لیکن کناروں سے باہر نہیں نکل رہا۔ یعنی جار بھرا ہونے کے باوجود یہ قطرے اس میں سما جاتے ہیں۔ آواز آتی ہے کہ "یہ بھر گیا ہے" قریب سے اس کا حجم دکھایا جاتا ہے۔ یہ جار ایک بڑے ڈرم کے مماثل ہے۔ میں اس نشست سے اٹھ کر ایک جانب چلنا شروع کر دیتا ہوں۔ منظر روشنی میں اوجھل ہو گیا۔ (نشست برخاست کر دی)

یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

علاج بذریعہ کدو

سردرد:۔ کدو تازہ کا گودا حسب منشا لے کر کھرل میں باریک کر کے پیشانی پر پھیریں تھوڑی دیر میں سردرد کو آرام ہوگا۔

دردکان:۔ کدو کا پانی، لڑکی والی عورت کا دودھ، مساوی وزن لے کر آپس میں خوب حل کریں اور چند قطریں کان میں ٹپکائیں کان کے سوراخ کو روئی سے بند کر دیں درد اسی وقت بند ہو جائے گا۔

درددانت:۔ کدو کا گودا ۵ تولہ، لہسن ایک تولہ، دونوں کو جوکوب کر کے ایک سیر پانی ڈال کر خوب پکائیں جب آدھا پانی جل جائے تو نیم گرم سے کلیاں کریں دانت کا درد فوراً بند ہو جائے گا۔

امراض چشم:۔ چھلکا کدو حسب ضرورت لے کر سایہ میں خشک کریں پھر جلالیں۔ پس معجزہ نما دوا تیار ہے۔ کھرل میں پیس کر مثل غبار کرلیں۔ صبح تین تین سلائی ذوا آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں تھوڑے ہی عرصہ میں آنکھ کی تمام شکایتیں رفع ہو جائیں گی۔

اخراج خون:۔ پوست کدو سایہ میں خشک کر کے حسب ضرورت لے کر خوب باریک پیس لیں برابر وزن مصری ملا کر بحفاظت رکھیں صبح نہار منہ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ کی لسی یا سادہ پانی دیں۔ منہ سے خون آتا ہو خواہ پھیپھڑے کی خرابی یا کسی اور وجہ سے اس کے استعمال سے بند ہو جاتا ہے۔

شدت پیاس:۔ کدو کا گودا باریک پیس کر ایک چھٹانک پانی میں نچوڑیں اس میں ۲ تولہ مصری اور ایک پاؤ سادہ پانی ملائیں دو تولہ کی خوراک تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلاتے رہیں۔

بندش پیشاب:۔ پیشاب رک گیا ہو تو کدو کا رس ایک تولہ قلمی شورہ ایک ماشہ، مصری ۲ تولہ، سادہ پانی دس تولہ، سب کو ملا کر ایک بار پلا دیں اول تو ایک بار ہی پلانے سے پیشاب کھل جائے گا ورنہ ایسی خوراک دیں پیشاب کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

قبض توڑ:۔ کدو حسب ضرورت لے کر چاقو سے قاشیں بنا کر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں ۲ تولہ لے کر ستو کی طرح کھانڈ ملا کر نوش کریں ہر قسم کے دست آنے موقوف ہو جائیں گے چندروز مسلسل استعمال کرنے سے دیرینہ قبض بھی رفع دفع ہو جاتی ہے اور سندے بھی باآسانی خارج ہو جاتے ہیں۔

دماغ اور جگر کی گرمی:۔ کدو کا گودا ۵ تولہ، املی ۲ تولہ، کھانڈ ۳ تولہ ایک سیر بھر پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ پانی باقی رہ جائے تو اتار کر چھان کر سرد کر کے ایک ہفتہ پلاتے رہیں دماغ اور جگر کی گرمی دور ہو کر خون صالح پیدا ہوگا اور دماغ طاقت ور ہو جائے گا۔

پھلوں کے جادو اثر ٹوٹکے

کیلا بطور دوا

کیلے کے پھل اور درخت کے تمام حصے انسانی صحت کے لئے مفید ہیں ذیل میں مختلف امراض کے نسخے لکھے جاتے ہیں جن سے ہر شخص بہ آسانی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

لیکوریا میں:۔ کچا کیلا اور کچی گولر معہ چھلکا کے سفوف بنالیں اس سفوف کو ایک تولہ صبح وشام استعمال کرنے سے سیلان الرحم کو فائدہ ہوتا ہے صرف کیلے کی کچی پھلی کھانا بھی مفید ہے۔

نکسیر میں:۔ ناک میں سے خون آنے پر پکی ہوئی پھلی کو شکر ملے دودھ کے ساتھ کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

درددل میں:۔ درد دل میں دو عدد پکا ہوا کیلا اور ایک تولہ شہد ملا کر کھلانے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

امراض آنت:۔ آنت کے امراض مثلاً دست، پیچش، سنگرہنی میں دہی کے ساتھ کیلا ملا کر کھلانے سے فائدہ ہوتا ہے دہی کے ساتھ تھوڑا اور کیلا زیادہ ہونا چاہیے۔

آئی ڈراپ:۔ مولی کا پانی چھان کر کچھ دیر صاف برتن میں رکھیں پھر چھان کر نتھار لیں اور آنکھوں میں بذریعہ ڈراپر ڈالیں۔ جالا، پھولا، دھند کو مفید ہے۔